# جنگ بندی کے بعد پہلی بار ایران کا امریکی اڈوں پر حملہ

## ایرانی پاسداران نے آبنائے ہرمز میں 3 آئل ٹینکروں کو روک لیا ☆ ایران نے آبنائے ہرمز کے مشترکہ علاقائی انتظام سے متعلق عمان کی تجویز خارج کردی ☆ ایران روس کے ساتھ فوجی معاونت ختم کرے: یورپ کا مطالبہ ☆ ایران کے بیانات پر وینیز ویلا کا احتجاج، ایرانی سفیر دفتر خارجہ طلب

واشنگٹن،29 جولائی (یواین آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے اعلان کردہ دوسری جنگ بندی کے بعد پہلی بار ایران نے امریکہ کے اڈوں پر حملہ کردیا ہے۔ امریکی فوج کا کہنا ہے کہ ایران کی حدود سے متعدد بیلسٹک میزائل داغے گئے جنھیں روک لیا گیا ہے۔ امریکی فوج کے مطابق پاسداران انقلاب نے مشرق وسطیٰ میں امریکی اڈوں پر متعدد بیلسٹک میزائل داغے۔ امریکی میڈیا کے مطابق ایران نے اردن میں واقع امریکی اڈے کی جانب بیلسٹک میزائل داغے تھے۔ دوسری جانب روسی میڈیا کا کہنا ہے کہ ایران نے امریکی اڈوں پر میزائلوں سے حملہ کیا ہے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق اردن کی فضاؤں میں دھماکے سنے گئے ہیں جہاں میزائل دفاعی نظام نے ایران کی جانب سے فائر کئے گئے میزائلوں کو روکا ہے۔

☆امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی جاری ہے، ایران امریکی کارروائیوں کے جواب میں جوابی حملے جاری رکھے ہوئے ہے۔ ایرانی پاسداران نے اردن میں امریکی اڈے پر بیلسٹک میزائلوں سے حملے کیے جبکہ آبنائے ہرمز میں 3 آئل ٹینکروں کو بھی نشانہ بنا کر روک دیا۔ دوسری جانب امریکی فوج نے اردن پر داغے گئے میزائل تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ادھر اسرائیلی وزیرِ اعظم نیتن یاہو نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ہونے والی اپنی ملاقات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کا مشترکہ ہدف ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکنا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ دونوں فریق اس بات پر متفق ہیں کہ ایران کو جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے دیے جائیں گے، جبکہ دیگر متعدد مقاصد بھی دونوں ممالک کے درمیان مشترک ہیں۔ دوسری جانب امریکہ اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں 2 ڈالرز سے زائد فی بیرل اضافہ بھی ریکارڈ کیا گیا ہے۔



☆ ایران نے آبنائے ہرمز کے مشترکہ علاقائی انتظام سے متعلق عمانی تجویز مسترد کرتے ہوئے عمانی راستے کے ایک حصے پر کنٹرول کا مطالبہ کردیا۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران اور عمان کے درمیان آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت کے انتظام سے متعلق تجاویز کے تبادلے پر مزید تفصیلات سامنے آئی ہیں۔ ایرانی نائب وزیرِ خارجہ کاظم غریب آبادی نے سرکاری ٹی وی کو بتایا کہ تہران نے عمان کی اس تجویز کو مسترد کردیا ہے جس میں بحری راستوں کو دونوں ممالک کے درمیان مساوی طور پر تقسیم کرنے کی بات کی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ایران نے اس کے بجائے تجویز دی ہے کہ آبنائے ہرمز کے اپنی جانب والے حصے میں بحری آمدورفت کا انتظام تہران کرے، جبکہ مخالف سمت کے راستے کے ایک حصے کا انتظام مسقط کے پاس ہو، تاہم مکمل راستہ عمان کے اختیار میں نہ ہو۔ غریب آبادی نے کہا کہ عمان نے ہمیں تجویز دی تھی کہ آبنائے ہرمز میں ایک راستہ قائم کیا جائے، جس کا 50 فیصد حصہ ہماری علاقائی حدود میں اور 50 فیصد حصہ عمانی علاقائی پانیوں میں ہو۔ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کا راستہ ایسا ہوسکتا ہے کہ وہ ایرانی پانیوں سے داخل ہوں اور عمانی علاقائی پانیوں سے نکلیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عمان کے لیے ہماری تجویز یہ ہے کہ آبنائے ہرمز میں ٹرانزٹ روٹ کا ایک حصہ ہماری علاقائی حدود میں ہو، جبکہ جو حصہ عمانی پانیوں سے گزرتا ہے، اس کا انتظام بھی ہمارے کنٹرول میں ہو۔ غریب آبادی نے خبردار کیا کہ اگر عمان نے اس منصوبے کو مسترد کیا تو آبنائے ہرمز بدستور بند رہے گی۔ علاوہ ازیں ایک ایرانی عہدیدار نے خبر رساں ایجنسی سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جنوبی راستے جہازوں کے لیے خطرناک ہوسکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز کے انتظامات کا فیصلہ صرف ایران اور عمان اپنے اپنے حصوں کی بنیاد پر کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والا مکمل اندرونی راستہ اور بیرونی راستے کا ایک حصہ ایرانی کنٹرول میں ہونا چاہیے۔ اعلیٰ ایرانی عہدیدار کا کہنا تھا کہ ایران عمان کو ایک قابلِ قدر ہمسایہ سمجھتا ہے۔ آبنائے ہرمز میں عمان کا کنٹرول اس کے حصے کے مطابق ہونا چاہیے۔

☆یورپی یونین کی خارجہ پالیسی کی سربراہ کاجا کالاس نے ایران سے پُرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ روس کی فوجی حمایت ختم کرے۔ یورپی یونین کی خارجہ پالیسی کی سربراہ نے منگل کو کہا کہ ان کی ایرانی وزیرِ خارجہ عباس عراقچی سے بات ہوئی ہے، اور انھوں نے ایران پر زور دیا ہے کہ وہ روس کے ساتھ فوجی معاونت ختم کرے۔ کاجا کالاس نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا ''آج میری ایرانی وزیرِ خارجہ عراقچی سے ٹیلی فون پر خلیج کی صورتِ حال کے ساتھ ساتھ یوکرین کے خلاف روس کی جنگ پر بھی بات ہوئی، جسے ماسکو نے حالیہ دنوں میں مزید شدت دے دی ہے۔ خلیج میں لڑائی میں آنے والا وقفہ ثالثوں کو یہ موقع دے سکتا ہے کہ وہ سفارت کاری کی طرف واپسی کا راستہ تلاش کریں اور مکمل جنگ کے دوبارہ آغاز کو روکیں۔'' کالاس نے مزید کہا ''میں نے واضح کردیا کہ تہران میں فرانسیسی سفارت کاروں کے خلاف جارحانہ کارروائی ناقابلِ قبول ہے۔ یورپی یونین کے تمام رکن ممالک نے ان اقدامات کی مذمت کی ہے۔'' انھوں نے کہا یہ حوصلہ افزا بات ہے کہ یوکرین کے وزیرِ خارجہ آندری سیبیہا نے کہا ہے کہ ان کی بھی عراقچی سے بات ہوئی ہے۔ کالاس نے مزید کہا ''ماسکو یوکرین میں شہری ہلاکتوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ کر رہا ہے، اور اسے جو بھی فوجی سامان فراہم کیا جاتا ہے، وہ مزید شہریوں کے قتل میں اس کی مدد کرتا ہے۔ یوکرین کو اپنے دفاع کا حق حاصل ہے۔''

☆وینزویلا کی وزارتِ خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ کراکس نے ایرانی وزیرِ خارجہ عباس عراقچی کے ان بیانات پر احتجاج ریکارڈ کرانے کے لیے ایران کے سفیر کو طلب کیا ہے جنھیں وینزویلا نے تہذیب سے گرے ہوئے اور نامناسب قرار دیا ہے۔ وزارتِ خارجہ نے سوشل میڈیا پر جاری کردہ ایک بیان میں کہا کہ وینزویلا میں اسلامی جمہوریہ ایران کے سفیر کو وینزویلا کے اداروں اور حکام کے خلاف کیے گئے ہتک آمیز اور نامناسب الفاظ پر احتجاجی مراسلہ دینے کے لیے وینزویلا کی وزارتِ خارجہ میں طلب کیا گیا تھا۔ وینزویلا کے حکام نے یہ واضح نہیں کیا کہ احتجاج کس مخصوص بیان پر کیا گیا ہے تاہم، انٹرنیٹ پر گردش کرنے والی ویڈیوز سے معلوم ہوتا ہے کہ عباس عراقچی نے امریکہ کے ساتھ جاری مذاکرات کا ذکر کرتے ہوئے مبینہ طور پر کہا تھا کہ ایران وینزویلا نہیں ہے جہاں ایک شخص کو نشانہ بنایا جائے اور باقی سب خوفزدہ ہوکر پیچھے ہٹ جائیں۔ یہ سفارتی تنازع دونوں تیل پیدا کرنے والے ممالک کے درمیان ایک نایاب کھچاؤ کا اشارہ ہوسکتا ہے، جنھوں نے 1999 میں سابق آنجہانی صدر ہوگو چاویز کے برسرِ اقتدار آنے کے بعد سے قریبی سیاسی اور اقتصادی تعلقات برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ امریکہ مخالف بیانیے کے لیے مشہور کراکس اور تہران نے گزشتہ تین دہائیوں میں توانائی، کان کنی، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں معاہدوں کے ذریعے اپنے باہمی تعاون کو وسیع کیا ہے۔ سال 2020 میں، شدید اقتصادی بحران کے دوران جب کاراکاس اپنا خام تیل صاف کرنے کی صلاحیت سے محروم ہو رہا تھا، ایران نے وینزویلا کو 15 لاکھ بیرل پٹرول بھیجا تھا۔ بعدازاں 2025 میں، جب امریکی پابندیوں کے باعث وینزویلا کو ادویات درآمد کرنے میں مشکلات کا سامنا تھا، تو ایران نے اسے پولیو اور ہیپاٹائٹس کی ویکسین کی 20 لاکھ سے زائد خوراکیں بھی فراہم کی تھیں۔ امریکی فوجی مداخلت کے نتیجے میں نکولس مادورو اور ان کی اہلیہ کی برطرفی کے بعد قائم ہونے والی وینزویلا کی نئی عبوری حکومت سے توقع کی جا رہی ہے کہ وہ واشنگٹن کے ساتھ قریبی تعلقات استوار کرے گی، جس کے نتیجے میں تہران کے ساتھ اس کے موجودہ روابط ازسرِنو تبدیل ہو سکتے ہیں۔ وینزویلا میں نئی حکومت کی تشکیل کے حوالے سے مذاکرات کا آغاز 1 اگست سے امریکی نگرانی میں متوقع ہے۔

# رہبرِ شہید کی تربیت نے ایرانی قوم کو بے خوف اور باجرأت بنایا: خطیب حرم حضرت معصومہ



قم المقدسہ (ایجنسی)۔ حوزہ نیوز ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق، حرم مطہر حضرت فاطمہ معصومہؑ کے خطیب حجت الاسلام والمسلمین سید محمد حسین راجی نے کہا ہے کہ رہبرِ شہید نے اپنی قیادت کے دوران ایرانی قوم میں شجاعت، بصیرت اور مزاحمت کا جذبہ پیدا کیا، جس کے باعث آج دشمن کا خوف عوام کے دلوں میں کوئی معنی نہیں رکھتا۔ انہوں نے حرم حضرت معصومہؑ میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رہبرِ شہید نے 37 برس کی قیادت میں قوم کو سیاسی شعور اور استقامت سے آراستہ کیا اور دشمن کی سازشوں کو ناکام بنایا۔ ان کا کہنا تھا کہ رہبرِ شہید نے انقلاب سے پہلے اور بعد ہمیشہ جرات واستقامت کا مظاہرہ کیا اور اپنی عملی زندگی سے قوم کو مکتبِ امام حسینؑ سے وابستہ شجاعت کا درس دیا۔ حجت الاسلام راجی نے کہا کہ امریکی دھمکیوں کے باوجود رہبرِ شہید نے ہمیشہ مضبوط مؤقف اختیار کیا اور ایران نے بھی اپنی دفاعی صلاحیت کا عملی مظاہرہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ رہبرِ شہید کی اسی تربیت کا نتیجہ ہے کہ سخت حالات اور حملوں کے دوران بھی ایرانی عوام نے خوف کے بجائے ثابت قدمی اور اتحاد کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے سورۂ مائدہ کی ایک آیت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ حقیقی مؤمن اللہ کی راہ میں جدوجہد کرتے ہیں، اہل ایمان کے ساتھ نرم اور دشمنوں کے مقابلے میں ثابت قدم رہتے ہیں اور کسی ملامت کرنے والے کی پروا نہیں کرتے۔ اپنے خطاب کے اختتام پر انہوں نے کہا کہ امام خمینیؒ اور رہبرِ شہید نے ایرانی قوم کو جرات، خوداعتمادی اور مزاحمت کی ثقافت عطا کی، جبکہ مغرب زدہ عناصر عوام اور ذمہ داران میں خوف پیدا کرکے انہیں دشمن کے سامنے جھکانے کی کوشش کرتے ہیں، مگر ایرانی قوم ان عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دے گی۔

# ''میں نیویارک جارہا ہوں'' نیتن یاہو کی ممدانی کے خلاف گفتگو



نیویارک، 29 جولائی (یواین آئی) اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے اعلان کیا ہے کہ وہ ستمبر میں نیویارک میں اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کا اپنا پروگرام منسوخ کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے، حالاں کہ نیویارک کے میئر زہران ممدانی بارہا یہ مطالبہ کرچکے ہیں کہ اگر وہ شہر آئیں تو انھیں گرفتار کیا جائے۔ منگل کو وائٹ ہاؤس میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کے بعد فوکس نیوز کے پریزنٹر شان ہینیٹی کے پروگرام میں انٹرویو دیتے ہوئے نیتن یاہو نے کہا ''میں نیویارک جارہا ہوں۔'' انھوں نے مزید کہا ''میں اس منتخب عہدے دار کے سامنے سچ بولوں گا جو نفرت انگیز بیانات دیتا ہے، جو نیویارک کے ایک گروہ کو دوسرے گروہ کے خلاف بھڑکا رہا ہے۔ وہ لوگوں کو نیویارک کے یہودیوں کے خلاف کر رہا ہے۔'' ممدانی ایک عرصے سے غزہ اور لبنان میں اسرائیلی فوج کی فوجی کارروائیوں کے دوران مبینہ مظالم پر نیتن یاہو کو تنقید کا نشانہ بناتے رہے ہیں۔ حال ہی میں انھوں نے نیتن یاہو کو جنگی مجرم اور فلسطینی عوام کے خلاف ہولناک نسل کشی کا معمار قرار دیا تھا۔ اس جنگ میں غزہ کے دسیوں ہزار افراد ہلاک ہوئے۔ اگرچہ زہران ممدانی نے تسلیم کیا کہ بین الاقوامی فوجداری عدالت (آئی سی سی) کے وارنٹ کی بنیاد پر نیتن یاہو کو گرفتار کرنے کا قانونی اختیار شہری حکام کے پاس نہیں، تاہم انھوں نے وفاقی حکام پر زور دیا کہ وہ ایسا کریں۔ اس کے جواب میں نیتن یاہو نے ممدانی پر نفرت کو ہوا دینے کا الزام عائد کیا اور ان کے بیانات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ وہ جان بوجھ کر نیویارک کے لوگوں کو وہاں کی یہودی آبادی کے خلاف اکسا رہے ہیں۔ نیتن یاہو نے میزبان شان ہینیٹی سے کہا ''کیا ہم 1930 کی دہائی میں ہیں؟ یہ کیا ہو رہا ہے؟ اتنی نفرت، اتنے جھوٹ!'' دوسری جانب صدر ٹرمپ نے مشرقِ وسطیٰ، بالخصوص لبنان میں اسرائیل کے جاری حملوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ''وہاں بہت زیادہ لوگ مارے جارہے ہیں۔'' اسی دوران نیویارک کے سابق میئر بل ڈی بلازیو نے بھی ممدانی کے اس مطالبے کی حمایت کی کہ اسرائیلی وزیر اعظم کو گرفتار کیا جائے۔ نیتن یاہو نے کہا ''آئی سی سی حزب اللہ پر فردِ جرم عائد نہیں کرتی، بہ ظاہر انھوں نے حماس پر فردِ جرم عائد کی، مگر ایک ایسے شخص پر جو پہلے ہی مر چکا ہے۔ اس لیے یہ سب جھوٹ ہے۔ یہ سراسر ایک ڈھونگ ہے۔'' اسرائیلی وزیر اعظم نے خبردار کیا کہ بین الاقوامی فوجداری عدالت 'غیر منتخب بیوروکریسی' ہے اور یہ مستقبل میں صدر ٹرمپ یا حتیٰ کہ امریکی فوجیوں کو بھی جنگی مجرم قرار دے سکتی ہے۔

# عباس عراقچی کا یوکرینی ہم منصب سے بات چیت کے بعد اہم بیان

## ایران کو چند ہفتوں میں چینی دفاعی میزائل نظام کی پہلی کھیپ موصول ہونے کا امکان ہے: برطانوی میڈیا





تہران، 29 جولائی (یواین آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ یوکرین کے ہم منصب نے انھیں یقین دلایا ہے کہ ایرانی جہاز پر حملہ غیر ارادی تھا عباس عراقچی نے کہا یوکرین کشیدگی نہیں چاہتا، ایران بھی کشیدگی نہیں چاہتا، لیکن ایرانی مفادات پر حملہ ناقابل قبول ہے، اور اس سے ہونے والے نقصانات کی تلافی ضروری ہے دوسری طرف یوکرین کے وزیر خارجہ نے منگل کو کہا کہ انھوں نے ایک ایرانی جہاز پر مہلک حملے کے بعد ایران پر زور دیا ہے کہ وہ کشیدگی میں اضافہ کرنے سے گریز کرے۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں آندری سیبیہا نے کہا کہ ان کی ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ''کھل کر بات چیت'' ہوئی، اور انھوں نے اس بات پر زور دیا کہ یوکرین کی فوجی کارروائیاں صرف ''روسی جارحیت'' کے خلاف اپنے ملک کے دفاع کے لیے ہیں۔ سیبیہا نے کہا ''سفارت کاری کا تقاضا ہے کہ براہِ راست بات کی جائے، خواہ وہ کتنی ہی مشکل کیوں نہ ہو۔ میں نے اس بات پر زور دیا کہ ہمارا مقصد غیر ضروری کشیدگی سے بچنا ہے۔ میں نے ایک بار پھر واضح کیا کہ یوکرین کی تمام کارروائیاں صرف روسی جارحیت کے خلاف اپنے ملک کے دفاع کے لیے ہیں، اور ان کا مقصد کبھی بھی شہری جہازوں یا عام شہریوں کو نشانہ بنانا نہیں رہا۔'' انھوں نے مزید کہا ''یہ بات ایران کے ان بیانات پر بھی لاگو ہوتی ہے جن میں اس کے ایک شہری کی ہلاکت اور حالیہ واقعے میں نشانہ بنائے گئے ایک شہری جہاز کا ذکر کیا گیا ہے۔ ہمارا مقصد روسی جارحیت کا مقابلہ کرنا ہے، جو تمام واقعات کی بنیادی وجہ ہے، اور تمام اشتعال انگیزیوں اور جانی نقصان کی مکمل ذمہ داری روس پر عائد ہوتی ہے۔'' یوکرینی وزیر خارجہ نے ایران پر یہ زور بھی دیا کہ وہ جوابی اقدامات سے گریز کرے اور یوکرین کے خلاف روس کی جنگ کے لیے ہر قسم کی معاونت ختم کرے۔

☆برطانوی میڈیا نے ایران کو آئندہ چند ہفتوں میں چین سے فضائی دفاعی میزائل نظام کی پہلی کھیپ موصول ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے نے معاملے سے باخبر 3 ذرائع کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ ایران کو آئندہ چند ہفتوں کے دوران چین میں تیار کردہ کندھے پر رکھ کر فائر کیے جانے والے فضائی دفاعی میزائل نظام کی پہلی کھیپ موصول ہونے کی توقع ہے۔ برطانوی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکہ کے ساتھ جاری جنگ کے دوران ایران اپنے فضائی دفاع کو دوبارہ مضبوط بنانے کی کوشش کر رہا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اس معاہدے کی مالیت 6 سے 7 کروڑ امریکی ڈالرز کے درمیان ہے اور اس میں 3 سے 4 سو QW-12 اور FN-16 مین پورٹیبل ایئر ڈیفنس سسٹمز (MANPADS) شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق امریکہ اور اسرائیل کے ساتھ جنگ کے آغاز کے بعد ایران کی قلیل فاصلے کے فضائی دفاع کو مضبوط بنانے کی یہ اب تک کی سب سے بڑی معلوم کوششوں میں سے ایک ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ یہ معاہدہ ہانگ کانگ میں قائم کمپنی ژونگ چنگ باؤشانگ انٹرنیشنل انویسٹمنٹ کے ساتھ طے پایا ہے۔ رپورٹ کے مطابق مذکورہ کمپنی ایرانی فریق اور چینی سپلائر کے درمیان ثالث کا کردار ادا کر رہی تھی۔ دوسری جانب چین نے اس رپورٹ کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔

# نیتن یاہو کا 'ٹرمپ کارڈ' کمزور پڑنے لگا؟

## امریکہ میں بڑھتی تنقید، ایران جنگ میں تعطل اور ٹرمپ کی نئی پالیسیوں نے اسرائیلی وزیر اعظم کی سیاسی برتری پر سوالات کھڑے کردیے



تل ابیب، 29 جولائی (یو این آئی) اسرائیلی وزیرِ اعظم بنیامین نیتن یاہو طویل عرصے سے امریکہ کے ساتھ اپنی قریبی سیاسی اور ذاتی تعلقات کو اپنی سب سے بڑی سیاسی طاقت کے طور پر پیش کرتے رہے ہیں، تاہم موجودہ حالات میں یہ تاثر کمزور پڑتا دکھائی دے رہا ہے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق ایران کے خلاف جنگ میں تعطل، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی مشرقِ وسطیٰ میں اسرائیل کو اعتماد میں لیے بغیر معاہدوں کی جانب بڑھتی دلچسپی اور امریکہ میں اسرائیل پر بڑھتی تنقید نے نیتن یاہو کے ٹرمپ کارڈ کی افادیت پر سوالات کھڑے کردیے ہیں۔ یہ صورتِ حال نیتن یاہو کے لیے ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب انہیں اکتوبر کے آخر میں عام انتخابات، بدعنوانی کے مقدمات اور خطے میں جاری کئی تنازعات کا سامنا ہے۔ سیاسی مبصرین کا کہنا ہے کہ اس ٹرمپ اور نیتن یاہو ملاقات کا مقصد نا صرف دو طرفہ تعلقات کا اظہار کرنا ہے بلکہ اسرائیلی عوام کو یہ پیغام دینا بھی ہے کہ نیتن یاہو اب بھی وائٹ ہاؤس تک خصوصی رسائی رکھتے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق ایران کے خلاف کارروائی سے قبل نیتن یاہو نے ٹرمپ کو اس جنگ کی کامیابی اور ایرانی حکومت کے خاتمے کے امکانات پر قائل کیا تھا، تاہم جنگ کے طویل ہونے کے بعد دونوں رہنماؤں کے تعلقات میں تناؤ کی خبریں سامنے آئیں۔ امریکی کانگریس میں بھی اسرائیلی آبادکاروں کے بڑھتے ہوئے تشدد، ترکیہ کو ایف 35 طیاروں کی ممکنہ فروخت پر اسرائیلی اعتراضات اور سعودی عرب کے ساتھ امریکی جوہری تعاون کے معاہدے پر اختلافات نے نیتن یاہو کی پوزیشن کو متاثر کیا ہے۔ امریکی قدامت پسند شخصیات، جن میں ٹکر کارلسن، مارجوری ٹیلر گرین اور نائب صدر جے ڈی وینس شامل ہیں، حالیہ مہینوں میں نیتن یاہو کی پالیسیوں پر تنقید کر چکے ہیں۔ امریکی صدر ٹرمپ نے بھی ترکیہ کو ایف 35 طیاروں کی فروخت پر اسرائیلی اعتراضات مسترد کرتے ہوئے کہا کہ مجھے کوئی نہیں بتا سکتا کہ امریکا کیا فروخت کرے گا۔ اسرائیل کے سابق سفیر ایلون پنکاس کے مطابق نیتن یاہو اس دورے کے ذریعے اسرائیل میں اپنے حامیوں کو یہ یقین دلانا چاہتے ہیں کہ ان کے ٹرمپ سے تعلقات اب بھی مضبوط ہیں، جبکہ وہ یہ امید بھی رکھتے ہیں کہ ٹرمپ ایک بار پھر ان کے بدعنوانی کے مقدمات میں ان کی حمایت کریں گے۔ کنگز کالج لندن کے تجزیہ کار آہرون بریگمین کا کہنا ہے کہ نیتن یاہو اب امریکہ میں پہلے جیسی سیاسی اہمیت نہیں رکھتے اور بہت سے امریکی حلقے انہیں ایران جنگ میں امریکہ کو دھکیلنے کا ذمے دار سمجھتے ہیں۔ دوسری جانب سابق مشیر اور رائے عامہ کے ماہر مچل باراک کے مطابق نیتن یاہو نے امریکا کے ساتھ تعلقات میں قابلِ ذکر کامیابیاں حاصل کیں، لیکن حالیہ برسوں میں کئی اہم سیاسی پل بھی جلا دیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بھی ممکن ہے کہ ٹرمپ نیتن یاہو کو جنگی دور کا مؤثر رہنما قرار دیتے ہوئے مستقبل میں اسرائیل کے لیے کسی نئے وزیرِ اعظم کی حمایت کریں۔

# یورپی یونین نے نیتن یاہو کے خلاف آئی سی سی وارنٹ کے نفاذ کا مطالبہ کیا

برسیلز، 29 جولائی (یواین آئی) یورپی کمیشن نے ایک بار پھر زور دیا ہے کہ تمام ریاستیں زیرِ التواء گرفتاری کے وارنٹس پر عمل درآمد سمیت بین الاقوامی فوجداری عدالت (آئی سی سی) کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔ جب کہ اسرائیلی وزیرِ اعظم بنجمن نیتن یاہو کا طیارہ دوبارہ کئی آئی سی سی رکن ریاستوں کی فضائی حدود سے ہوتا ہوا امریکہ کی جانب جارہا تھا۔ منگل کو یورپی کمیشن کی دوپہر کی پریس بریفنگ میں ترجمان انوار ال عنونی نے نیتن یاہو کے مخصوص معاملے پر تبصرہ کرنے سے گریز کیا اور کہا کہ ''آئی سی سی سے متعلق کوئی بھی مخصوص سوال... براہِ راست آئی سی سی سے پوچھا جانا چاہیے'' تاہم انہوں نے یورپی یونین کے موقف کو بروئے کار لاتے ہوئے واضح کیا ''ہم، بطورِ ای یو، آئی سی سی اور روم اسٹیٹوٹ میں درج اصولوں کی حمایت کرتے ہیں۔ ہم عدالت کی آزادی اور غیر جانبداری کا احترام کرتے ہیں، اور ہم، بطورِ ای یو، بین الاقوامی فوجداری انصاف کی جدوجہد میں تعاون کے لیے مضبوط عزم رکھتے ہیں'' انہوں نے 2023 میں یورپی کونسل کے نتائج کا بھی حوالہ دیا اور زور دیا ''کونسل تمام ریاستوں سے اپیل کرتی ہے کہ وہ زیرِ التواء گرفتاری کے وارنٹس کا فوری طور پر نفاذ سمیت وہ عدالت کے ساتھ مکمل تعاون کو یقینی بنائیں۔'' یہ بیانات اس وقت سامنے آئے جب فلائٹ ریڈار کے ڈیٹا کے مطابق نیتن یاہو کا طیارہ پیر کے روز واشنگٹن، ڈی سی جاتے ہوئے یونان، اٹلی اور فرانس کی فضائی حدود سے گزرا، جو کہ روم قانونِ اساسی کی رکن ریاستیں ہیں۔ یہ پرواز بڑی حد تک اُس گزرگاہ کی عکاسی کرتی ہے جسے نیتن یاہو نے 28 دسمبر 2025 اور 10 فروری کو امریکہ کے اپنے سابقہ دوروں کے دوران اختیار کیا تھا۔ ستمبر 2025 میں نیویارک کے ایک سفر کے دوران اُن کا طیارہ یونانی اور اطالوی فضائی حدود سے گزرا مگر فرانسیسی فضائی حدود میں داخل نہیں ہوا تھا۔ آئی سی سی نے نیتن یاہو اور سابق اسرائیلی وزیرِ دفاع یوآو گلانت کے خلاف غزہ میں اسرائیل کے مبینہ نسل کشی کے دوران کیے گئے جنگی جرائم اور انسانیت کے خلاف جرائم کے الزام میں گرفتاری کے وارنٹس جاری کیے ہیں۔ عموماً روم اسٹیٹوٹ کے تحت تعاون کی ذمہ داریاں، بشمول آئی سی سی کے مطلوبین کو گرفتار کرنے کا فرض، اس وقت پیدا ہوتے ہیں جب متعلقہ فرد کسی رکن ریاست کی زمینی حدود یا اس کے دائرہ اختیار کے تحت آنے والے کسی علاقے میں بذاتِ خود موجود ہو۔

## ایک طیارے نے 24 گھنٹے تواتر پرواز کرتے ہوئے نیا ریکارڈ قائم کردیا

لندن، 29 جولائی (یواین آئی) اطلاع کے مطابق اضافی ایندھن ٹینک کے حامل ایک طیارے نے پیسفک اور اٹلانٹک سمندروں کے اوپر سے گزرتے ہوئے 075,23 کلومیٹر کا راستہ بلاکسی وقفہ کے 24 گھنٹے 24 منٹ میں طے کیا۔ یہ پرواز تولوز میں واقع فیکٹری میں لینڈ کرنے کے ساتھ مکمل ہوئی۔ بتایا گیا کہ اس پرواز نے 2005 میں بوئنگ 777-200LR کے ساتھ ہانگ کانگ سے لندن تک پیسفک کے راستے 22 گھنٹے 42 منٹ کا سابقہ ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ پرواز ٹریکنگ پلیٹ فارم Flightradar24 کا کہنا ہے کہ یہ سفر پلیٹ فارم پر سب سے زیادہ مانیٹر کیے جانے والی دوسری پرواز ہے، اور اندازاً 36 لاکھ افراد نے طیارے کے روٹ کو براہِ راست دیکھا۔

# الجزائر کی پارلیمنٹ نے پہلی خاتون اسپیکر کا انتخاب کیا

الجزائر، 29 جولائی (یواین آئی) ایک تاریخی اقدام میں الجزائر کی پارلیمنٹ نے منگل کی شام ایک خاتون خالدہ بوفیدیچے کو اپنا اسپیکر منتخب کیا، جس سے وہ ملک کی چوتھی اعلیٰ ترین عہدیدار بن گئیں۔ محترمہ بوفیدیچے، پیشے کے لحاظ سے الرجسٹ ہیں اور دار الحکومت الجزائر کی نمائندگی کرتی ہیں، نیشنل لبریشن فرنٹ (ایف ایل این) کی رکن ہیں، جو الجزائر کی تاریخی آزادی کی پارٹی اور موجودہ حکومت کی اتحادی ہے۔ اس ماہ کے شروع میں ہونے والے پارلیمانی انتخابات میں ایف ایل این سب سے بڑی فاتح تھی، جس نے 407 میں سے 91 سیٹیں جیتیں۔ تاہم اس الیکشن میں ووٹر ٹرن آؤٹ اب تک کا سب سے کم 21 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔ محترمہ بوفیدیچے اپنی پارٹی کی مرکزی کمیٹی کی رکن ہیں اور پارلیمنٹ میں داخل ہونے سے پہلے مقامی سیاست میں خدمات انجام دے چکی ہیں۔ وہ ایک ایسے ایوان کی صدارت کرتی ہیں جہاں خواتین کی نمائندگی بہت کم ہے۔ اس وقت 407 رکنی پارلیمنٹ میں صرف 25 خواتین (چھ فیصد) ہیں۔ پچھلی پارلیمنٹ میں 38 خواتین ممبران تھیں جبکہ 2017 کے انتخابات کے بعد بننے والی پارلیمنٹ میں کوٹہ سسٹم کے تحت 118 خواتین ممبران پارلیمنٹ شامل تھیں۔

# چین کی حوثیوں سے جہازوں کو بحیرۂ احمر میں محفوظ راستہ دینے کی درخواست



بیجنگ، 29 جولائی (یواین آئی) چین نے حوثیوں سے جہازوں کو بحیرۂ احمر میں محفوظ راستہ دینے کی درخواست کردی۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق چین نے حوثیوں سے براہِ راست مذاکرات کیے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا ہے کہ مذاکرات کا مقصد سعودی عرب کی بندرگاہوں سے چین جانے والے تیل بردار جہازوں کی محفوظ آمدورفت کو یقینی بنانا ہے۔ رپورٹ کے مطابق حوثیوں نے 20 جولائی کو سعودی بندرگاہوں کی ناکہ بندی کرنے کا اعلان کیا تھا جس کے بعد جہاز رانی کے شعبے میں تشویش پیدا ہوئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ چین ان ممالک میں شامل تھا جس نے باب المندب کے راستے سے اپنے جہازوں کی محفوظ نقل و حرکت کے لیے حوثیوں سے براہِ راست رابطہ کیا۔ رپورٹ کے مطابق ایک سینئر ایرانی عہدیدار نے چین کے حوثیوں سے رابطے کی تصدیق کی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ چین یہ کوشش کر رہا ہے کہ بحیرۂ احمر کے ٹرمینلز خاص طور پر ینبع سے تیل کی برآمدات جاری رہیں تاکہ آبنائے ہرمز کی بندش کی وجہ سے رسد میں پیدا ہونے والے کمی کو پورا کیا جاسکے۔ رپورٹ کے مطابق حوثیوں نے اب تک چین جانے والے ہر جہاز کو گزرنے کے لیے انفرادی طور پر منظوری دی ہے اور اس حوالے سے ایران کو بھی آگاہ کردیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ حوثیوں نے ایک ای میل کے ذریعے بین الاقوامی شپنگ کمپنیوں کو خبردار کیا ہے کہ اگر جہاز سعودی عرب کی بندرگاہوں سے سامان لوڈ یا ڈسچارج کرتے ہیں تو ان پر حملہ کیا جا سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق باب المندب کے راستے بحیرۂ احمر میں داخل ہونے والے کچھ جہاز سیکیورٹی خدشات کی وجہ سے پہلے ہی اپنا راستہ بدل چکے ہیں۔ لائیڈز لسٹ انٹیلی جنس اور میرین ٹریفک کے شپ ٹریکنگ ڈیٹا کے مطابق نیو چیمپئن اور نیو پرائم نامی دو بڑے آئل ٹینکر خلیج عدن سے واپس کھلے سمندر کی جانب روانہ ہوگئے ہیں۔

# طلبا پر بربریت کیلئے وزیر داخلہ ذمہ دار، راہل کا سنگین الزام

## راہل گاندھی نے کہا کہ "میں نے کئی بار اسپیکر سے گزارش کی اور بی جے پی کے سینئر لیڈران سے بھی کہا، لیکن پھر بھی مجھے بولنے نہیں دیا گیا، انھیں اعتراض تھا کہ میں نے امت شاہ کا نام لیا تھا




نئی دہلی (ایجنسی) لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد راہل گاندھی نے آج پریس کانفرنس کرا ایک بار پھر لوک سبھا میں انھیں بولنے کی اجازت نہ دیے جانے کا سنگین الزام عائد کیا۔ انھوں نے کہا کہ دہلی میں مظاہرین طلبا پر 5 طریقوں سے بربریت ہوئی، اس کے لیے امت شاہ ذمہ دار ہیں۔ جب اس بارے میں لوک سبھا میں بات رکھنے کی کوشش ہوئی تو موقع ہی نہیں دیا گیا۔ راہل گاندھی نے کہا کہ "میں نے اسپیکر سے کئی بار گزارش کی اور بی جے پی کے سینئر لیڈران سے بھی کہا، لیکن پھر بھی مجھے بولنے نہیں دیا گیا۔" وہ مزید کہتے ہیں کہ "میں نے امت شاہ کا نام لیا تھا۔ طلبا پر بربریت کے لیے امت شاہ ذمہ دار ہیں۔ اس پر مجھ سے معافی کے لیے کہا گیا۔ میں بی جے پی اور آر ایس ایس سے کبھی معافی نہیں مانگوں گا۔" پریس کانفرنس میں میڈیا سے مخاطب ہوتے ہوئے راہل گاندھی نے کہا کہ "جیسا کہ آپ نے آج دیکھا، لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد کو بولنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ حکومت کے دیگر اراکین کو بولنے کی اجازت دی گئی، لیکن مجھے بولنے نہیں دیا گیا۔ اس کی وجہ یہ بتائی گئی کہ میں نے امت شاہ کے بارے میں کچھ کہا تھا۔ میں نے صرف یہ کہا تھا کہ طلبا کے خلاف کی گئی بربریت کے ذمہ دار امت شاہ ہیں۔" وہ مزید کہتے ہیں کہ "مجھے یہ یقین دہانی بھی کرائی گئی کہ اگر میں معذرت کرلوں تو مجھے اپنی بات جاری رکھنے کی اجازت دے دی جائے گی۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ میں کبھی بھی، کسی بھی صورت میں بی جے پی، آر ایس ایس یا ان سے وابستہ کسی بھی شخص سے معافی نہیں مانگوں گا۔ دوسری بات یہ کہ حزب اختلاف کے قائد کی حیثیت سے ملک کے اہم مسائل اٹھانا میرا حق ہے۔"

کانگریس رکن پارلیمنٹ نے واضح لفظوں میں کہا کہ ان کے نزدیک آج سب سے اہم مسئلہ یہ ہے کہ دہلی کی سڑکوں پر طلبا کے ساتھ بربریت کی گئی۔ انھوں نے بربریت کے 5 طریقوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ "ان پر پیلیٹ گنوں سے فائرنگ کی گئی۔ ان پر صرف عام لاٹھیاں نہیں برسائی گئیں بلکہ کیل لگی لاٹھیوں اور برقی شاک دینے والے ڈنڈوں کا بھی استعمال کیا گیا۔ خواتین و بچوں کی پٹائی کی گئی اور سادہ وردی والوں نے بھی طلبا کی پٹائی کی۔" وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ "مظاہرین کے خلاف چہرہ شناخت کرنے والی ٹیکنالوجی (فیشیل ریکگنیشن) استعمال کی جا رہی ہے۔ انہیں دوبارہ آواز اٹھانے سے روکنے کے لیے بجرنگ دل کو متحرک کیا جا رہا ہے تاکہ انہیں خوف زدہ کیا جا سکے۔" امت شاہ کو ہدف تنقید بناتے ہوئے راہل گاندھی نے کہا کہ وہ مظاہرین طلبا پر بربریت کے ذمہ دار ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ "صرف دو ہی امکانات ہیں۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے پیلیٹ گنوں کے استعمال، لاٹھی چارج اور برقی شاک دینے والے ڈنڈوں کے استعمال کا حکم دیا تھا۔ یا پھر امت شاہ کو معلوم ہی نہیں تھا کہ کیا ہو رہا ہے۔ اگر ایسا ہے تو یہ ان کی نااہلی ہے۔" وہ مزید کہتے ہیں کہ "دونوں ہی صورتوں میں انہیں اپنے عہدے سے جانا چاہیے۔"

راہل گاندھی نے پارلیمنٹ میں امت شاہ کی غیر حاضری کا بھی ذکر اپنی پریس کانفرنس میں کیا۔ انھوں نے کہا کہ "آج امت شاہ لوک سبھا میں نہیں آئے، کیونکہ وہ قصوروار ہیں۔ اگر قصوروار نہیں ہوتے تو ایوان میں آ کر جواب دے دیتے۔ اس لیے ہم کہہ رہے ہیں کہ انہیں وزیر داخلہ کے عہدہ سے ہٹنا ہوگا۔" انھوں نے عزم ظاہر کیا کہ "ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ جن طلبا کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا، انہیں انصاف ملے۔ ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ جن لوگوں نے ہمارے طلبا پر پیلیٹ گنوں سے فائرنگ کی، انہیں سزا ملے۔ اپوزیشن طلبا کو یہ یقین دہانی کراتی ہے کہ اس معاملے میں جوابدہی ضرور طے کی جائے گی۔" حزب اختلاف کے قائد نے وزیر اعظم کو کچھ مشورے بھی دیے۔ انھوں نے کہا کہ "امت شاہ کو برطرف کریں۔ سپریم کورٹ کی نگرانی میں ایک آزاد اور بااختیار اعلیٰ سطحی کمیٹی سے تحقیقات کرائیں۔ کم از کم اخلاقی طور پر اس واقعے کی ذمہ داری قبول کریں۔" وہ کچھ حقائق سامنے رکھتے ہوئے کہتے ہیں کہ "طلبا پر تشدد دہلی پولیس اور آر اے ایف (ریپڈ ایکشن فورس) نے کی ہے۔ یہ دونوں ہی وزارت داخلہ کو رپورٹ کرتے ہیں۔"

راہل گاندھی نے میڈیا اہلکاروں کے سامنے اپنے اس خط کا بھی ذکر کیا، جو انھوں نے چند روز قبل مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کو لکھا تھا۔ وہ کہتے ہیں کہ "میں نے 25 جولائی کو وزیر داخلہ امت شاہ کو چٹھی لکھ کر 2 سوالات پوچھے تھے۔ پہلا، کیا آپ نے طلبا پر 'لیتھل فورس' استعمال کرنے کا حکم دیا؟ دوسرا، سادے کپڑوں میں طلبا کو لاٹھیوں سے مارنے والے لوگ کون تھے؟ لیکن سوالوں کا کوئی جواب نہیں ملا۔" آخر میں وہ کہتے ہیں کہ "آج نہیں تو کل طلبا کو انصاف ضرور ملے گا۔ ایسی صورت میں مودی حکومت کو ہمارا مشورہ ہے کہ امت شاہ کو وزیر داخلہ کے عہدہ سے ہٹایا جائے اور دہلی میں طلبا پر کی گئی بربریت کی سپریم کورٹ کی نگرانی میں ایک خودمختار اعلیٰ اختیار یافتہ کمیٹی سے جانچ کرائی جائے۔"

# سابق وزیر اعظم منموہن سنگھ کو کوئلہ بلاک الاٹمنٹ معاملہ میں ملی 'سپریم' راحت، سمن رد کرنے کا فیصلہ



نئی دہلی۔(ایجنسی) سپریم کورٹ نے 29 جولائی کو کوئلہ بلاک الاٹمنٹ معاملہ میں اہم فیصلہ سناتے ہوئے سابق وزیر اعظم آنجہانی ڈاکٹر منموہن سنگھ کو سمن جاری کرنے سے متعلق خصوصی سی بی آئی عدالت کے 2015 کے حکم کو منسوخ کر دیا۔ عدالت نے اپنا فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ ٹرائل کورٹ کے پاس سی بی آئی کی کلوزر رپورٹ کو مسترد کرنے اور ان کے خلاف نوٹس لینے کی کوئی بنیاد موجود نہیں تھی۔ چیف جسٹس جسٹس سوریہ کانت، جسٹس جوئے مالیا باغچی اور جسٹس وی موہنا پر مشتمل بنچ نے سابق وزیر اعظم کی اپیل منظور کرتے ہوئے انہیں کلین چٹ دینے والی سی بی آئی کی کلوزر رپورٹ کو قبول کرلیا اور معاملے سے متعلق کارروائی ختم کردی۔ قابل ذکر ہے کہ ڈاکٹر منموہن سنگھ کا انتقال دسمبر 2024 میں ہو چکا تھا، اس کے باوجود سپریم کورٹ نے ٹرائل کورٹ کے حکم کے جواز کی جانچ کرنے کا فیصلہ کیا، کیونکہ اس میں ان کے خلاف کئی منفی تبصرے کیے گئے تھے۔ آنجہانی سابق وزیر اعظم کی جانب سے پیش ہونے والے سینئر وکیل کپل سبل نے کہا کہ منموہن سنگھ کے انتقال کے بعد اگرچہ تکنیکی طور پر یہ اپیل غیر موثر ہو گئی تھی، لیکن ٹرائل کورٹ کے تبصروں پر غور کرنا ضروری تھا۔

ایڈووکیٹ کپل سبل نے سماعت کے دوران بنچ سے درخواست کی کہ سابق وزیر اعظم کے خلاف کیے گئے تبصرے حذف کیے جائیں۔ اس پر چیف جسٹس سوریہ کانت نے کہا کہ مقدمے کا تصفیہ کیا جا سکتا ہے، جس پر سبل نے جواب دیا کہ اس معاملے میں ٹرائل کورٹ نے نوٹس لیا تھا اور منفی تبصرے کیے تھے، جنہیں حذف کیا جانا چاہیے۔ سی بی آئی کی جانب سے پیش ہونے والے سینئر وکیل آر ایس چیما نے بتایا کہ متعلقہ مقدمات میں بعض دفعات کی آئینی حیثیت سے متعلق مسائل اب بھی زیر التوا ہیں۔ سینئر وکیل ابھشیک منو سنگھوی نے بھی اپنی بات رکھتے ہوئے کہا کہ کم از کم ڈاکٹر منموہن سنگھ کے معاملے میں کیے گئے تبصرے تو حذف کیے جا سکتے ہیں۔ بہرحال، سپریم کورٹ نے اپنے حکم میں درج کیا ہے کہ اپیل کنندہ کے افسوسناک انتقال کے باعث اس اپیل کو غیر موثر قرار دے کر نمٹایا جا سکتا تھا، لیکن خصوصی جج کی جانب سے مقدمے کا نوٹس لینے اور اپیل کنندہ کو سمن جاری کرنے کے پہلو پر غور کرنے کے لیے ہم نے سی بی آئی کی جانب سے داخل کی گئی دونوں کلوزر رپورٹس کا جائزہ لیا ہے۔ عدالت نے کہا کہ "تحقیقی ایجنسی کی رپورٹ قبول کرنے سے متعلق اس عدالت کے مسلسل طے شدہ اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ جج کے پاس سی بی آئی کی کلوزر رپورٹ کو مسترد کرنے اور مقدمے کا نوٹس لینے کی کوئی وجہ موجود نہیں تھی۔"

## ہزاری باغ میں بنے گی جھارکھنڈ کی پہلی اوپن جیل، ہائی کورٹ میں حکومت نے پیش کی ترقیاتی رپورٹ

رانچی، (یو این آئی) جھارکھنڈ ہائی کورٹ میں اوپن کریکشنل انسٹی ٹیوٹ (اوپن جیل) کے قیام سے متعلق معاملے کی بدھ کے روز سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس ایم ایس سونک اور جسٹس راجیش شنکر پر مشتمل بنچ نے معاملے کی سماعت کی۔ اس دوران ریاستی حکومت کی طرف سے ایڈووکیٹ مینک وبھور نے موقف اختیار کرتے ہوئے اوپن جیل اسکیم کی ترقیاتی رپورٹ عدالت کے سامنے پیش کی۔ معاملے کی اگلی سماعت اب 10 ستمبر کو ہوگی۔ حکومت نے عدالت کو بتایا کہ ہزاری باغ میں اوپن جیل کے قیام کے لیے 32 ایکڑ سرکاری زمین کی نشاندہی کر لی گئی ہے۔ اس پروجیکٹ سے متعلق تمام طریقہ کار کی ذمہ داری آئی اے ایس افسر وندنا ڈاڈیل کو سونپی گئی ہے۔ ساتھ ہی اسکیم کی نگرانی اور اس پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے ایک ہائی پاور کمیٹی تشکیل دے کر اس میں متعلقہ افسران کا تعین بھی کر دیا گیا ہے۔ ریاستی حکومت نے یہ بھی بتایا کہ مجوزہ اوپن کریکشنل انسٹی ٹیوٹ میں خاتون قیدیوں کے لیے الگ اور خصوصی انتظامات کیے جائیں گے۔

## اسرو-آئی سی آر بی بھرتی 2026

# اسسٹنٹ سمیت 244 آسامیوں پر بھرتی، درخواست کی آخری تاریخ 16 اگست




نئی دہلی۔(ایجنسی) انڈین اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن (اسرو) کے ذیلی شعبے اسرو سنٹرلائزڈ ریکروٹمنٹ بورڈ (آئی سی آر بی) نے بھرتیوں کے لیے سرکاری نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ اس نوٹیفکیشن کے تحت اسرو کے مختلف مراکز، زونل دفاتر، ڈپارٹمنٹ آف اسپیس (ڈی او ایس) کے برانچ سکریٹریٹ اور ڈی او ایس کے خودمختار اداروں میں اسسٹنٹ سمیت 244 آسامیوں پر اہل امیدواروں سے درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔ اسرو میں نکلی 244 آسامیوں میں اسسٹنٹ کی 113، جونیئر پرسنل اسسٹنٹ کی 81، اپر ڈویژن کلرک کی 22، اسٹینوگرافر کی 10، ڈپارٹمنٹ آف اسپیس (ڈی او ایس) کے خودمختار اداروں کے لیے اسسٹنٹ کی 17 اور جونیئر پرسنل اسسٹنٹ کی ایک آسامی شامل ہے۔ یہ بھرتیاں اسرو کے مختلف مراکز اور زونز کے لیے کی جارہی ہیں، جن میں احمد آباد، بنگلورو، حسن، حیدرآباد، مہندر گیری، نئی دہلی، سری ہری کوٹا اور ترواننت پورم شامل ہیں۔

ان تمام آسامیوں کے لیے آن لائن درخواست کا عمل 27 جولائی کو صبح 10 بجے شروع ہو چکا ہے، جبکہ درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 16 اگست مقرر کی گئی ہے۔ ایسے میں اہل اور خواہش مند امیدوار اسرو کی سرکاری ویب سائٹ پر جا کر مقررہ آخری تاریخ تک یا اس سے قبل آن لائن رجسٹریشن مکمل کرتے ہوئے اپنا درخواست فارم کامیابی کے ساتھ جمع کرا سکتے ہیں۔ درخواست دینے والے امیدواروں کے پاس کسی تسلیم شدہ ادارے یا یونیورسٹی سے متعلقہ عہدے کے مطابق کم از کم 60 فیصد نمبروں کے ساتھ گریجویشن، کمرشیل یا سکریٹریل پریکٹس میں ڈپلومہ، اسٹینو ٹائپسٹ یا اسٹینوگرافر کے طور پر کم از کم ایک سال کا تجربہ، کمپیوٹر کے استعمال میں مہارت اور انگریزی شارٹ ہینڈ میں کم از کم 60 الفاظ فی منٹ کی رفتار جیسی مطلوبہ اہلیت ہونی چاہیے۔ امیدواروں کی زیادہ سے زیادہ عمر 28 سال مقرر کی گئی ہے، جس کا تعین درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ حالانکہ ریزرو زمرے سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کو ضابطے کے مطابق زیادہ عمر کی حد میں رعایت دی جائے گی۔ اہل امیدواروں کا انتخاب تحریری امتحان، اسکل ٹیسٹ، میرٹ لسٹ اور دستاویزات کی جانچ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ اس کے بعد منتخب امیدواروں کو 'پے میٹرکس' کے لیول 4 کے مطابق ابتدائی طور پر ماہانہ 25500 روپے تنخواہ دی جائے گی۔ اپلی کیشن فارم بھرنے والے امیدواروں کو اپنے زمرے اور متعلقہ عہدے کے مطابق مقررہ درخواست فیس آن لائن ادا کرنی ہوگی۔ اسسٹنٹ، اپر ڈویژن کلرک (اسرو اور خودمختار اداروں)، جونیئر پرسنل اسسٹنٹ اور اسٹینوگرافر (اسرو اور خودمختار اداروں) کے عہدوں کے لیے اپلی کیشن فیس 500 روپے مقرر کی گئی ہے، جبکہ اسسٹنٹ/ اپر ڈویژن کلرک اور جونیئر پرسنل اسسٹنٹ/ اسٹینوگرافر کے مشترکہ درخواست فارم کے لیے 1000 روپے فیس ادا کرنی ہوگی۔

# مرکزی حج کمیٹی کی تشکیل میں مزید تاخیر ناقابلِ فہم

## عازمینِ حج کے مفاد میں فوری اقدام کیا جائے: مولانا محمد عارف عمری



ممبئی: جمعیۃ علماء مہاراشٹر کے نائب صدر مولانا محمد عارف عمری نے مرکزی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ مرکزی حج کمیٹی آف انڈیا کی تشکیل میں جاری غیر معمولی تاخیر کا فوری نوٹس لیتے ہوئے نئی حج کمیٹی تشکیل دی جائے، تاکہ عازمینِ حج کو درپیش مسائل کے حل اور حج انتظامات کی نگرانی کا مؤثر نظام قائم ہو سکے۔ انہوں نے اپنے ایک صحافتی بیان میں کہا کہ حج کمیٹی آف انڈیا ایک اہم قانونی اور انتظامی ادارہ ہے، جس پر ملک بھر کے لاکھوں عازمینِ حج کے مفادات کے تحفظ اور بہتر انتظامات کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اس اہم ادارے کی تشکیل میں مسلسل تاخیر نہ صرف تشویش ناک ہے بلکہ اس سے حج انتظامات کی شفافیت اور جوابدہی بھی متاثر ہو رہی ہے۔ مولانا عمری نے کہا کہ مرحوم حافظ نوشاد اعظمی، جو حج کمیٹی آف انڈیا کے فعال رکن تھے، ہمیشہ عازمینِ حج کے مسائل کو اجاگر کرتے اور انتظامی خامیوں کی نشاندہی کرتے تھے۔ ضرورت پیش آنے پر وہ قانونی چارہ جوئی کے ذریعے بھی عازمین کے حقوق کا دفاع کرتے تھے۔ ان کے انتقال کے بعد ایسا محسوس ہوتا ہے کہ حج انتظامات کا مؤثر احتساب کرنے والی مضبوط آواز موجود نہیں رہی، جس کی وجہ سے کئی اہم مسائل توجہ کے منتظر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حج کمیٹی آف انڈیا عازمین سے سفر سے کئی ماہ قبل انتظامات کے نام پر بڑی رقم وصول کرتی ہے، لیکن اس کے باوجود متعدد انتظامی شکایات سامنے آتی ہیں۔ حج کی ادائیگی کے بعد عازمین سے اضافی رقم کا مطالبہ بھی سوالیہ نشان ہے، جس کی شفاف وضاحت ضروری ہے۔ مولانا عمری نے مکہ مکرمہ میں حجاج کی رہائش گاہوں پر مطبخ کی سہولت ختم کیے جانے پر بھی تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ اس فیصلے کے نتیجے میں حجاج کو روزانہ کھانے کے حصول کے لیے باہر جانا اور طویل قطاروں میں انتظار کرنا پڑتا ہے، جس سے خصوصاً بزرگ، خواتین اور بیمار عازمین کو شدید دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اگر یہ پابندی سعودی حکومت کی ہدایات کے تحت نافذ کی گئی ہے تو نجی حج ٹور آپریٹروں کے لیے اس سے استثنا کی وجوہات بھی واضح کی جانی چاہئیں۔ بصورت دیگر حج کمیٹی کو متبادل کیٹرنگ سسٹم نافذ کرنے پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے، جیسا کہ منیٰ میں کامیابی سے اس پر عمل کیا جاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہندوستانی مسلمان ہمیشہ حج کمیٹی سے بہتر، شفاف اور باوقار خدمات کی توقع رکھتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ مرکزی حج کمیٹی کی جلد از جلد تشکیل عمل میں لائی جائے، اس میں باصلاحیت، تجربہ کار اور عوامی مسائل سے واقف افراد کو نمائندگی دی جائے اور حج انتظامات کو مزید مؤثر، منظم اور جوابدہ بنایا جائے۔ آخر میں مولانا محمد عارف عمری نے مرکزی حکومت سے اپیل کی کہ عازمینِ حج کے مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے مرکزی حج کمیٹی کی فوری تشکیل کا اعلان کیا جائے اور حج سے متعلق تمام انتظامات کو مزید بہتر اور شفاف بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

## احمد آباد طیارہ حادثہ معاملہ پر مرکز نے پارلیمنٹ کو دی اہم جانکاری

# فیول کنٹرول سوئچ میں نہیں تھی خرابی

نئی دہلی۔(ایجنسی) مرکزی حکومت نے بدھ کے روز پارلیمنٹ کو مطلع کیا کہ گزشتہ سال 12 جون کو احمد آباد ہوائی اڈے پر حادثے کا شکار ہونے والے ایئر انڈیا کے بوئنگ 787 ڈریم لائنر طیارے کے فیول کنٹرول سوئچ سسٹم میں کوئی خرابی نہیں پائی گئی ہے۔ حکومت نے پارلیمنٹ کو بتایا کہ آریجنل ایکوپمنٹ مینوفیکچرر (او ای ایم) نے فیول کنٹرول سوئچ کی نئے سرے سے جانچ کی ہے اور سیکل میں پورے تھرسٹ کنٹرول ماڈیول کی اہم جانچ جاری ہے۔ راجیہ سبھا میں سوالات کا جواب دیتے ہوئے شہری ہوابازی کے وزیر مملکت مرلی دھر موہول نے کہا کہ یہ جانچ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سول ایوی ایشن (ڈی جی سی اے) کی ہدایت پر کی جارہی ہے۔ یہ جانچ پرواز کے قابل ہونے کی مسلسل جانچ کا حصہ ہے، جو اس سال فروری میں اس نوعیت کے طیاروں کو گراؤنڈ کیے جانے کے بعد شروع کی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ "فیول کنٹرول سوئچ کی تفصیلی جانچ جس میں اس کے لاکنگ ڈیٹینٹس کی ساختی مضبوطی کا بھی جائزہ لیا گیا، میں کوئی غیر معمولی بات سامنے نہیں آئی۔" موہول نے جانچ کے نتائج کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ "او ای ایم کے پلانٹ میں پورے تھرسٹ کنٹرول ماڈیول کی جانچ جاری ہے۔" انھوں نے واضح کیا کہ اب تک کی جانچ میں فیول کنٹرول سوئچ میں کسی بھی قسم کی خرابی نہیں ملی ہے، تاہم پورے تھرسٹ کنٹرول ماڈیول کی جانچ ابھی جاری ہے اور تفتیش کار اس کے حتمی نتائج کا انتظار کر رہے ہیں۔ مرکزی وزیر نے پارلیمنٹ کو یہ بھی بتایا کہ طیارہ حادثہ تحقیقاتی بیورو (اے اے آئی بی) کی حتمی رپورٹ میں کوئی تاخیر نہیں ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بڑے فضائی حادثات کی جانچ ایک مسلسل ارتقا پذیر عمل ہے اور اے آئی-171 طیارہ حادثے کی تحقیقات اب اپنے آخری مرحلے میں پہنچ چکی ہیں۔ حکومت نے ان قیاس آرائیوں کو بھی مسترد کر دیا کہ اے اے آئی بی نے حادثے سے متعلق اپنی حتمی رپورٹ جاری کرنے میں تاخیر کی ہے۔ حکومت کا کہنا ہے کہ بڑے فضائی حادثات کی تحقیقات کسی مقررہ مدت کی پابند نہیں ہوتیں بلکہ قائم شدہ تحقیقاتی طریقہ کار کے مطابق آگے بڑھتی ہیں۔ مرکزی وزیر نے ایوان میں کہا کہ "حادثے کی تمام ممکنہ وجوہات اور اس میں کردار ادا کرنے والے تمام عوامل کی جانچ کی جارہی ہے۔"

# 'یہ نشی کانت دوبے نہیں، بلکہ نیچ کانت دوبے ہیں'

## آر جے ڈی رکن پارلیمنٹ نے دیا جواب

پٹنہ (ایجنسی) راشٹریہ جنتا دل (آر جے ڈی) کے رکن پارلیمنٹ سدھاکر سنگھ نے جواہر لال نہرو کے خلاف بی جے پی رکن پارلیمنٹ نشی کانت دوبے کے تبصرے پر اعتراض کیا ہے۔




سدھاکر سنگھ نے کہا، "نشی کانت دوبے ایک بدعنوان شخص ہیں اور مجرموں سے ملے ہوئے ہیں۔" آر جے ڈی رکن پارلیمنٹ سدھاکر سنگھ خبر رساں ایجنسی 'آئی اے این ایس' سے گفتگو کر رہے تھے۔ سدھاکر سنگھ نے سخت تبصرہ کرتے ہوئے کہا، "وہ نشی کانت دوبے نہیں، بلکہ نیچ کانت دوبے ہیں۔ ان کا ایک واحد کام ہندوستان کی جمہوریت کو کمزور کرنا ہے۔ وہ پارلیمنٹ میں کسی بھی سنگین مسئلے پر بات نہیں کرتے، اس کے بجائے وہ ہندوستان کی آزادی کے لیے لڑنے والے عظیم لیڈران کی شان میں غیر شائستہ الفاظ ادا کرتے ہیں اور ان کی شبیہ خراب کرتے ہیں۔ وہ اس کے علاوہ کچھ نہیں کر سکتے ہیں۔"

سدھاکر سنگھ نے کہا کہ "نشی کانت دوبے بدعنوانی میں ملوث ہیں۔ ان کے خلاف درجنوں ثبوت موجود ہیں۔ وہ مجرموں سے ملے ہوئے ہیں۔ آنے والے دنوں میں آپ دیکھیں گے کہ ہم ان کے خلاف کئی اہم ثبوت اور حقائق پیش کریں گے۔" پیپر لیک معاملے پر سدھاکر سنگھ نے کہا کہ "بی جے پی کی حالت خراب ہو گئی ہے۔ بہار میں طلباء تحریک اور طلباء پر پولیس کی فائرنگ، ساتھ ہی بھرت تیواری کے انکاؤنٹر کی وجہ سے حکومت کی شبیہ کو بہت نقصان پہنچا ہے۔ دوسری جانب آپ دیکھیں کہ بانکی پور ضمنی انتخاب میں بی جے پی پیچھے ہو گئی ہے۔ آر جے ڈی ایک مضبوط اپوزیشن ثابت ہوئی ہے۔ وہاں آر جے ڈی امیدوار کی جیت یقینی ہے۔" اینٹی پیپر لیک بل پر انہوں نے کہا کہ "پیپر لیک کے خلاف پہلے سے ہی قانون موجود تھا۔ اس میں ترمیم کا مطالبہ کس نے کیا؟ کیا طلباء نے کہا تھا کہ قانون میں ترمیم کیجیے۔" انہوں نے الزام لگایا کہ "دراصل حکومت کارروائی کرنا نہیں چاہتی ہے۔ حکومت بدعنوانوں اور پیپر لیک کرنے والوں کو بچانے کے لیے بھٹکا رہی ہے اور پارلیمنٹ کا وقت برباد کر رہی ہے۔ حکومت قانون میں جوابدہی طے کرنا نہیں چاہتی۔ سی بی آئی نے 17-18 پیپر لیک معاملوں میں کسی ایک شخص کو بھی سزا نہیں دی۔ اس لیے نئے قانون سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔" انہوں نے آگے کہا کہ "نئے قانون میں 50 لاکھ کی جگہ 5 کروڑ لکھ دینے اور سزا 4 سال سے بڑھا کر 8 سال کر دینے سے کیا ہوگا۔ حکومت نے 4 سال سزا بھی کسے دلائی ہے۔"

# پیپر لیک احتجاج: کولکاتا تشدد کیس میں 16 ملزمان کو 500 روپے کے مچلکوں پر ضمانت

کولکاتا: (ایجنسی) نیٹ یو جی 2026 پیپر لیک کے خلاف کولکاتا میں ہونے والے احتجاج کے دوران گرفتار کیے گئے 16 افراد کو بڑی راحت دیتے ہوئے چیف میٹروپولیٹن مجسٹریٹ کی عدالت نے 500-500 روپے کے ذاتی مچلکوں پر ضمانت دے دی ہے۔ تاہم عدالت نے واضح کیا کہ اس مقدمے کی تفتیش بدستور جاری رہے گی اور ضمانت کا مطلب کیس کا خاتمہ نہیں ہے۔ یہ تمام گرفتاریاں 24 جولائی کو کولکاتا میں نیٹ پیپر لیک کے خلاف نکالے گئے احتجاجی مارچ کے بعد عمل میں آئی تھیں۔ اس مظاہرے کا انعقاد بائیں بازو کی طلبہ تنظیموں نے کیا تھا۔ احتجاج کے دوران بعض مقامات پر تشدد اور توڑ پھوڑ کے واقعات پیش آئے، جس کے بعد پولیس نے متعدد افراد کو حراست میں لے لیا تھا۔ گرفتار افراد میں خوانچہ فروش، مچھلی کاٹنے والے مزدور، چھوٹے تاجر، بے روزگار نوجوان اور مقامی سیاسی کارکن بھی شامل تھے۔ سماعت کے دوران دفاعی وکلا نے عدالت کو بتایا کہ مرکزی حکومت نے جنتر منتر پر چلائی گئی طلبہ تحریک کے منتظمین کو یقین دہانی کرائی ہے کہ نیٹ پیپر لیک کے خلاف ملک بھر میں احتجاج کرنے والوں کے خلاف درج مقدمات واپس لینے کی کارروائی کی جائے گی۔ وکلا نے سپریم کورٹ اور مرکزی حکومت کے درمیان اس اتفاق رائے کا بھی حوالہ دیا، جس کے مطابق پرامن احتجاج میں شریک طلبہ کے خلاف سخت کارروائی نہ کرنے کی بات کہی گئی تھی۔ تاہم انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا کہ یہ رعایت ایسے افراد پر لاگو نہیں ہوگی جن کا مجرمانہ ریکارڈ موجود ہو۔


عدالت نے سماعت کے دوران تفتیشی افسر سے دریافت کیا کہ آیا گرفتار افراد کا کوئی مجرمانہ پس منظر ہے۔ اس پر تفتیشی افسر نے بتایا کہ 16 میں سے پانچ افراد کے خلاف پہلے بھی مقدمات درج رہے ہیں۔ دفاعی وکلا نے اس پر سوال اٹھایا کہ کیا ان مقدمات میں کسی عدالت نے انہیں مجرم قرار دیا تھا۔ اس سوال کا واضح جواب نہ ملنے پر مجسٹریٹ نے تمام 16 ملزمان کو 500-500 روپے کے ذاتی مچلکوں پر ضمانت دے دی۔

# استاذ کی ڈانٹ کو خودکشی کے لیے اکسانا قرار نہیں دیا جا سکتا: راجستھان ہائی کورٹ




جے پور (ایجنسی) راجستھان ہائی کورٹ نے ایک اہم فیصلے میں کہا کہ اساتذہ کے ذریعہ طلبہ کو ڈسپلن میں رکھنے کے لیے ڈانٹنا خودکشی کے لیے اکسانے کے برابر نہیں مانا جا سکتا۔ عدالت نے 2005 کے بیکانیر طالبہ خودکشی معاملہ میں 2 اساتذہ سمیت 3 ملزمان کے خلاف انڈین پینل کوڈ (آئی پی سی) کی دفعہ 305 کے تحت طے شدہ الزامات کو منسوخ کر دیا۔ جسٹس کلدیپ ماتھور نے روی بھٹناگر سمیت دیگر کی فوجداری نظر ثانی درخواستوں کو منظور کرتے ہوئے یہ فیصلہ سنایا۔ عدالت نے اپنے حکم میں کہا کہ کسی استاذ کے ذریعہ طالب علم کو باقاعدگی سے اسکول آنے، پڑھائی پر توجہ دینے، کلاس میں ڈسپلن برقرار رکھنے یا خراب کارکردگی پر ڈانٹنے - پھٹکارنے جیسی عام تادیبی کارروائی کو تب تک خودکشی کے لیے اکسانا نہیں مانا جا سکتا، جب تک کہ خودکشی کے لیے اکسانے یا جان بوجھ کر مدد کرنے کا واضح اور ٹھوس ثبوت نہ ہو۔ اسی بنیاد پر ہائی کورٹ نے بیکانیر کے ایڈیشنل سیشن جج نمبر 6 کے ذریعہ 9 فروری 2021 کو الزامات طے کرنے کے حکم کو منسوخ کر دیا۔ واضح رہے کہ مذکورہ معاملہ بیکانیر کے ایک اسکول کی 12 ویں جماعت کی طالبہ سے متعلق ہے، جس نے 19 اکتوبر 2005 کو پھانسی لگا کر خودکشی کر لی تھی۔ طالبہ نے مبینہ طور پر ایک خودکشی نوٹ چھوڑا تھا، جس میں اسکول کے اساتذہ پر اذیت دینے، بے عزت کرنے اور اسکول سے نکالنے کی کوشش کرنے کے الزامات عائد کیے گئے تھے۔ تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی کہ طالبہ باقاعدگی سے کلاسوں میں حاضر نہیں ہوتی تھی اور پڑھائی پر بھی مناسب توجہ نہیں دے رہی تھی۔

# پی او کے میں بدامنی پر فاروق عبداللہ کا سوال، پی ایم مودی اور جے شنکر کی خاموشی پر تنقید



سری نگر، (یو این آئی) نیشنل کانفرنس کے صدر اور سابق وزیر اعلیٰ فاروق عبداللہ نے بدھ کے روز پاکستان کے زیرِ قبضہ جموں و کشمیر (پی او کے) میں بدامنی اور اس کے نتیجے میں ہونے والی متعدد ہلاکتوں پر وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر خارجہ ایس جے شنکر کی مبینہ خاموشی پر سوالات اٹھائے ہیں۔ مسٹر عبداللہ نے نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے اقوامِ متحدہ کے انسانی حقوق کمیشن سے اپیل کی کہ وہ پی او کے کا دورہ کرے اور وہاں کے حالات کا جائزہ لے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے ادارے کو اس علاقے کا دورہ کرنا چاہیے، لوگوں کے مسائل کو سمجھنا چاہیے اور انہیں حل کرنے کی سمت میں کام کرنا چاہیے۔ فاروق عبداللہ نے کہا کہ میں نے اقوامِ متحدہ کے انسانی حقوق کمیشن سے درخواست کی ہے۔ انہیں وہاں جانا چاہیے اور دیکھنا چاہیے کہ لوگوں کے مسائل کیا ہیں۔ انہیں ان مسائل کو حل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔" انہوں نے مزید کہا کہ انہیں حیرت ہے کہ وزیر اعظم اور وزیر خارجہ نے پی او کے کے معاملے پر کیوں خاموشی اختیار کر رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ "میں نے وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سے بھی درخواست کی ہے۔ وہ مسلسل کہتے رہتے ہیں کہ یہ ہمارا حصہ ہے۔ اگر یہ آپ کا حصہ ہے، تو آپ بات کیوں نہیں کرتے؟ آپ یہ کیوں نہیں کہتے کہ وہاں جو کچھ ہو رہا ہے، اسے روکا جائے؟" مسٹر عبداللہ نے کہا کہ انہوں نے حکومت کی طرف سے پی او کے میں رونما ہونے والے واقعات کی مذمت کرنے والا کوئی بیان نہیں سنا ہے۔ انہوں نے کہا، "وہ دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ ہمارا حصہ ہے۔ وہ ایسا کہتے ہیں، لیکن سوال یہ ہے کہ اگر یہ ہمارا حصہ ہے، تو وہ اس پر بات کیوں نہیں کرتے؟ وہ اس پر بات نہیں کر رہے ہیں۔ قابلِ ذکر ہے کہ معاشی اور سیاسی شکایات کو لے کر پی او کے میں جون سے احتجاجی مظاہرے تیز ہو گئے ہیں۔ حالیہ دنوں میں یہ بدامنی مزید بڑھ گئی ہے۔ رپورٹوں کے مطابق، پیر اور منگل کو ہونے والے مظاہروں کے دوران سیکیورٹی فورسز کی فائرنگ سے کم از کم 30 افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔


مسٹر عبداللہ نے اس دوران جنتر منتر پر دیے گئے اپنے بیانات کے لیے پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی) کی صدر محبوبہ مفتی کی معافی پر تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا۔ ان سے جب محترمہ محبوبہ مفتی کے اس اعلان کے بارے میں پوچھا گیا کہ پی ڈی پی دفعہ 370 (آرٹیکل 370) کی بحالی کے لیے احتجاجی مظاہرے کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے، تو مسٹر فاروق نے کہا کہ یہ ان کا فیصلہ ہے۔ انہوں نے کہا، "یہ ان کا کام ہے، وہ جو چاہیں کر سکتی ہیں۔"

# سپریم کورٹ نے اینیمیشن فلم مہا پربھو جگن ناتھ پر روک لگانے سے کیا انکار

نئی دہلی، (یو این آئی) سپریم کورٹ نے بدھ کو اینیمیشن فلم مہا پربھو جگن ناتھ کی ریلیز کو روکنے کا مطالبہ کرنے والی عرضیوں کو مسترد کر دیا۔ جسٹس بی وی ناگرتنا اور جسٹس آر مہادیون کی بنچ نے اس دلیل کو مسترد کر دیا جس میں کہا گیا تھا کہ بھگوان جگن ناتھ کو اینیمیشن (کارٹون) کے طور پر پیش کرنا قابلِ اعتراض ہے۔ بنچ نے زبانی تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر کچھ لوگوں کے جذبات مجروح ہونے کی وجہ سے فلموں پر روک لگائی جانے لگی، تو رامائن اور مہابھارت پر مبنی فن پارے اور تخلیقات بھی نہیں بنائی جا سکیں گی۔ جسٹس بی وی ناگرتنا نے کہا کہ عدالتیں صرف اس لیے تخلیقی آزادی پر پابندی نہیں لگا سکتیں کیونکہ کچھ لوگوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اس طرح کے نقطہ نظر کا مطلب ہندو دیوی دیوتاؤں اور رامائن و مہابھارت کی تمام تصاویر اور نقاشیوں پر پابندی لگانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ادب، ٹیلی ویژن، مجسمہ سازی اور اینیمیشن میں تخلیق کاری موجود ہے اور انفرادی حساسیت کی بنیاد پر فنکاروں کو یرغمال نہیں بنایا جا سکتا۔ جسٹس آر مہادیون نے یہ بھی توجہ دلائی کہ فلم کو سینٹرل بورڈ آف فلم سرٹیفکیشن (سی بی ایف سی) نے منظوری دی ہے۔ عدالت نے اپنے 17 جولائی کے اس حکم میں ترمیم کرنے سے صاف انکار کر دیا، جس میں پروڈیوسروں کو پوری میں بھگوان جگن ناتھ کی رتھ یاترا مکمل ہونے کے بعد 28 جولائی کو فلم ریلیز کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔

# سدگرو روی داس جی مہاراج کا پیغام عملی طور پر نافذ کرنے کی ذمہ داری ہر ہندوستانی کی: یوگی

## ہندوستان کے خلاف ہونے والی سازشوں کو سمجھنا ہوگا: یوگی



وارانسی، 29 جولائی (یو این آئی) اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے بدھ کے روز سنت شرومنی سدگرو روی داس جی مہاراج کے 650 ویں یومِ پیدائش کے سال کی مناسبت سے سمرستا سنکلپ ابھیان ٭ کا آغاز کیا۔ اس موقع پر انہوں نے سیر گووردھن پور میں واقع شری گرو روی داس جنم استھلی مندر میں ماتھا ٹیک کر سنت رویداس جی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ کیشو پرساد موریا، نائب وزیر اعلیٰ برجیش پاٹھک، بی جے پی کے ریاستی صدر پنکج چودھری، راجستھان کے نائب وزیر اعلیٰ پریم چند بیروا، مرکزی وزیر مملکت برائے قانون و انصاف ارجن رام میگھوال، سنت نرنجن داس سمیت متعدد عوامی نمائندے اور معزز مہمان موجود تھے۔ سنت رویداس جی مہاراج کی 650 ویں جینتی آنے والی 20 فروری (ماگھی پورنیا) کو منائی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ یوگی نے کہا کہ گرو پورنیا سے لے کر آنے والی 20 فروری (ماگھی پورنیا) تک بھارتیہ جنتا پارٹی وزیر اعظم نریندر مودی کے عزائم کے مطابق سمرستا سنکلپ ابھیان ٭ کو گاؤں گاؤں اور گھر گھر تک پہنچائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہر سچے ہندوستانی کی ذمہ داری ہے کہ سدگرو رویداس جی مہاراج نے 650 سال پہلے جو ہم آہنگی، مساوات اور سماجی بھائی چارے کا پیغام دیا تھا، اسے عمل کی ذریعہ سے زمین پر نافذ کرتے ہوئے ترقی یافتہ ہندوستان کے عزم کو آگے بڑھایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کاشی کی مقدس سرزمین پر رہتے ہوئے سنت رویداس جی نے ماں گنگا کے لیے اپنے اٹوٹ عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا، "من چنگا تو کٹھوتی میں گنگا"۔ یہ پیغام آج بھی معاشرے کو اندرونی پاکیزگی، مساوات اور ہم آہنگی کا راستہ دکھاتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سدگرو رویداس جی مہاراج بھید بھاؤ، ذات پات اور اونچ نیچ سے پاک مساوی معاشرے کے قیام کے زبردست حامی تھے۔ ان کی زندگی اور پیغام آج بھی سماجی ہم آہنگی اور قومی اتحاد کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔

☆ گورکش پیٹھادھیشور اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک کی ترقیاتی سفر میں رکاوٹیں پیدا کرنے والوں سے ہوشیار اور محتاط رہیں۔ وزیر اعلیٰ نے بدھ کے روز گرو پورنیا کے مقدس موقع پر گورکھ ناتھ مندر کے مہنت دگ وجے ناتھ اسمرتی بھون میں گزشتہ 23 جولائی سے جاری شری رام کتھا ٭ کے اختتامی اجلاس اور گرو پورنیا مہوتسو سے خطاب کرتے ہوئے کہا، "ہم سبھی کو ہندوستان کے خلاف ہونے والی سازشوں کو سمجھنا ہوگا۔ کچھ طاقتیں ہندوستان کے ترقیاتی سفر، سناتن ثقافت اور روایت کو تباہ کرنا چاہتی ہیں۔ اپنے ہی معاشرے میں کالنیمی ٭ کا روپ دھار کر بیٹھے ملک دشمن سازش کاروں سے اگر ہم ناواقف رہیں گے تو اپنے ہی پیر پر کلہاڑی مارنے جیسی صورتحال ہوگی۔" گورکش پیٹھ کے برہم لین مہنت دوئے دگ وجے ناتھ اور مہنت اویدیا ناتھ کی تصاویر پر پھول نچھاور کرنے اور ویاس پیٹھ کی پوجا کرنے کے بعد وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ اسی معاشرے کے کچھ لوگ ہی دنیا کی ان طاقتوں کے ترجمان بنے ہوئے ہیں جو سناتن ثقافت پر حملہ کرنے میں لگی ہوئی ہیں۔ ایسی طاقتوں اور ان کے ترجمانوں سے جو شخص اور معاشرہ محتاط اور ہوشیار رہ کر اپنی اصلاح کے لیے تیار رہے گا، اس کا خاندان اور معاشرہ اتنا ہی زیادہ خوشحال رہے گا۔ معاشرہ خوشحال رہے گا تو ریاست اور ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن ہونے سے کوئی نہیں روک سکے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ 12 سال سے تیز رفتاری سے ترقی کرنے والا ہندوستان اگلے دو تین برسوں میں دنیا کے تین سرفہرست ممالک میں شامل ہو جائے گا۔ اپنے ترقیاتی سفر میں ہندوستان نے جن کو پیچھے چھوڑا ہے، انہیں اچھا نہ لگنا فطری بات ہے۔ کئی طاقتوں کو ہندوستان کی ترقی اچھی نہیں لگتی۔ سی ایم یوگی نے کہا کہ ایسی طاقتوں نے ملک میں عدم استحکام، بدامنی اور بدنظمی پھیلانے کا منصوبہ بنانا شروع کر دیا ہے۔ یوگی نے کہا کہ 12 سال پہلے ملک کے 120 اضلاع میں نکسل ازم تھا۔ آج ایک بھی ضلع میں نہیں ہے۔ ایسے میں نکسل ازم کو ترغیب اور شہ دینے والے چین سے بیٹھنے کے بجائے دوسری شکل میں اور فرضی ناموں سے آئیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے رامائن دور میں ہنومان جی کا راستہ روکنے والے کالنیمی ٭ کی مثال دیتے ہوئے سمجھایا کہ موجودہ دور کے کالنیمیوں سے سب کو محتاط رہنا ہوگا۔ ایسے لوگوں سے ہوشیار رہنا ہوگا جو ہندوستان کے خلاف سازش میں براہِ راست یا بالواسطہ طور پر شامل رہتے ہیں۔ معاشرے کو متحد ہو کر آواز بلند کرنی ہوگی کہ ہم ملک کے خلاف کسی بھی سازش کو قبول نہیں کریں گے۔

### یوگی نے جنتا دربار لگایا، متاثرین کے مسائل سنے

گورکھپور، 29 جولائی (یو این آئی) اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے بدھ کے روز گرو پورنیا کے موقع پر مذہبی رسومات کی ادائیگی کے بعد گورکھ ناتھ مندر میں جنتا درشن ٭ کا انعقاد کر کے تقریباً 200 لوگوں کے مسائل سنے۔ انہوں نے حکام کو ہدایات دیں کہ ہر فرد کے مسئلے کا فوری، معیاری اور تسلی بخش حل یقینی بنایا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے مہنت دگ وجے ناتھ اسمرتی بھون کے باہر منعقدہ جنتا درشن میں خود لوگوں کے درمیان جا کر ایک ایک کر کے ان کے مسائل سنے۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ کسی کو بھی گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے اور حکومت ہر مستحق فرد کے مسئلے کے حل کے لیے پرعزم ہے۔ وزیر اعلیٰ نے موصولہ درخواستیں متعلقہ حکام کے سپرد کرتے ہوئے ہدایت دی کہ تمام شکایتوں کا سنجیدگی اور حساسیت کے ساتھ وقت کے اندر تدارک کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہر شخص کے مسئلے کا حل حکومت کی ترجیح ہے۔ جنتا درشن میں سنگین بیماریوں کے علاج کے لیے مالی امداد کا مطالبہ لے کر پہنچے لوگوں سے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ فنڈز کی کمی کی وجہ سے کسی کا علاج نہیں رکنے دیا جائے گا۔ انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ متعلقہ مریضوں کے علاج کا تخمینہ جلد تیار کر کے حکومت کو بھیجا جائے، تاکہ ضروری رقم وقت پر فراہم کی جا سکے۔ جنتا درشن کے دوران کچھ خواتین اپنے بچوں کے ساتھ بھی پہنچیں۔ وزیر اعلیٰ نے بچوں کو شفقت کے ساتھ چاکلیٹ دیں اور اپنی دعاؤں سے نوازا۔

# سنپورنا نند سنسکرت یونیورسٹی میں تاریخی عمارتوں کی تجدید و مرمت کے منصوبوں کا افتتاح

گورنر آنندی بین پٹیل نے لال بھون، آثارِ قدیمہ عجائب گھر اور شتابدی بھون گیسٹ ہاؤس کی جدید کاری کا کیا افتتاح، ہندوستانی علمی ورثے کے تحفظ پر زور



لکھنؤ، 29 جولائی۔ اتر پردیش کی گورنر اور یونیورسٹی کی چانسلر محترمہ آنندی بین پٹیل نے سنپورنا نند سنسکرت یونیورسٹی، وارانسی میں تقریباً ساڑھے چار کروڑ روپے کی لاگت سے تاریخی لال بھون، اس میں قائم آثارِ قدیمہ کے عجائب گھر کی تجدید، مرمت اور جدید کاری، نیز شتابدی بھون گیسٹ ہاؤس کی تزئین و نو کے منصوبوں کا افتتاح کیا۔ چانسلر نے 1917 میں برطانوی دور میں تعمیر کیے گئے تاریخی لال بھون اور 15 نومبر 1998 کو افتتاح شدہ شتابدی بھون گیسٹ ہاؤس کی مرمت اور تزئین و نو کے بعد ان کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ انہوں نے عمارتوں کی اصل تاریخی شناخت برقرار رکھتے ہوئے کیے گئے تحفظ اور مرمتی کاموں کو سراہا۔ اس موقع پر چانسلر نے 1950 میں قائم آثارِ قدیمہ کے عجائب گھر کا بھی معائنہ کیا، جہاں محفوظ تقریباً سات ہزار سے زائد نایاب نوادرات، قدیم سکے، مجسمے اور تاریخی ورثے کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عجائب گھر میں محفوظ عہدِ کشان کے انسانی سر کے مجسمے کا بھی مشاہدہ کیا اور ہندوستانی ثقافتی ورثے کے تحفظ اور جدید کاری کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ جدید سہولیات سے آراستہ یہ عجائب گھر محققین، طلبہ اور ملک و بیرونِ ملک سے آنے والے سیاحوں کے لیے تحقیق اور کشش کا ایک اہم مرکز ثابت ہوگا۔ بعد ازاں گورنر نے سرسوتی بھون کتب خانے میں ** گیان بھارتم (قومی مخطوطات مشن) ** کے تحت قائم نایاب مخطوطات کے تحفظ کے مرکز کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ایک لاکھ پچیس ہزار سے زائد نایاب مخطوطات کے تحفظ، دستاویز بندی اور ڈیجیٹلائزیشن کے کاموں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہندوستانی علمی روایت کا تحفظ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ چانسلر نے ** ایئرپورٹ اتھارٹی آف انڈیا ** کے سی ایس آر فنڈ سے زیرِ تعمیر ** شرمن ودیا سنکائے ** کی مرمت اور جدید کاری کے کاموں کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے تعمیراتی معیار اور جدید طرزِ تعمیر پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اسے یونیورسٹی کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کی ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔ ساتھ ہی انہوں نے دلائی لامہ بھون سمیت کیمپس میں جاری ترقیاتی اور تحفظ کے منصوبوں کی بھی تعریف کی۔

## ہوم گارڈ نے کوٹ نہر پل سے چھلانگ لگائی، پولیس اور غوطہ خوروں نے بچائی جان

گریٹر نوئیڈا، 29 جولائی (یو این آئی) اتر پردیش میں گریٹر نوئیڈا کے دادری تھانہ علاقے میں ایک شخص نے کوٹ نہر کے پل کے پاس سے نہر میں چھلانگ لگا دی۔ پولیس نے بدھ کے روز بتایا کہ اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچی اور مقامی غوطہ خوروں کی مدد سے امدادی و بچاؤ آپریشن چلایا۔ پولیس اور غوطہ خوروں کی فوری کارروائی کے باعث شخص کو نہر سے صحیح سلامت باہر نکال لیا گیا۔ اس کی شناخت ڈیوڈ (30) ولد دھن پال، ساکن گاؤں آمکا، قصبہ و تھانہ دادری کے طور پر ہوئی ہے۔ ڈیوڈ فی الحال ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریٹو آفس میں ہوم گارڈ کے عہدے پر تعینات ہے۔ پولیس کی جانب سے ڈیوڈ کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد کے لیے بھیجا گیا، جہاں اس کی دیکھ بھال کی جا رہی ہے۔ پوچھ گچھ کے دوران ڈیوڈ نے بتایا کہ اس کے پہلے بھی کئی آپریشن ہو چکے ہیں، جس کی وجہ سے وہ طویل عرصے سے صحت کے مسائل سے جوجھ رہا تھا۔ اسی ذہنی اور جسمانی پریشانی کے باعث اس نے نہر میں چھلانگ لگانے جیسا قدم اٹھایا۔ پولیس کی جانب سے معاملے میں ضروری قانونی اور دیگر ضروری کارروائی کی جا رہی ہے۔

# رام مندر چندہ چوری سے پیپر لیک تک، اکھلیش کا بی جے پی پر سخت حملہ

## بی جے پی حکومت کو طلبہ، نوجوانوں اور کسانوں کے لیے 'سب سے بڑا بحران' قرار دیا




لکھنؤ/نئی دہلی: سماجوادی پارٹی کے قومی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ اکھلیش یادو نے بی جے پی حکومت کو طلبہ، نوجوانوں اور کسانوں کے لیے "سب سے بڑا بحران" قرار دیتے ہوئے کہا کہ جو حکومت ایودھیا کے شری رام مندر میں چندہ چوری نہیں روک سکی، اس سے پیپر لیک روکنے کی امید بھی نہیں کی جا سکتی۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں شری رام مندر میں چندہ چوری کے خلاف سماجوادی پارٹی کے ارکانِ پارلیمنٹ کے ساتھ احتجاج کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اکھلیش یادو نے الزام لگایا کہ بی جے پی نے کروڑوں عقیدت مندوں کے جذبات مجروح کیے ہیں اور اب نوجوانوں اور طلبہ کے مستقبل سے بھی کھلواڑ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک بی جے پی حکومت اقتدار سے نہیں جاتی، مسائل ختم نہیں ہوں گے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ طلبہ کے احتجاج کے دوران پیلیٹ گن، آنسو گیس اور لاٹھی چارج کا استعمال کیا گیا، جس میں متعدد طلبہ اور نوجوان زخمی ہوئے۔ اکھلیش نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بتایا جائے کہ طلبہ پر طاقت کے استعمال کا حکم کس نے دیا۔ سابق وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت کی پالیسیوں سے طلبہ، نوجوان، کسان اور مزدور سبھی پریشان ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو روزگار نہیں مل رہا جبکہ کسانوں کو وقت پر ڈی اے پی اور یوریا جیسی کھاد دستیاب نہیں ہو رہی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اتر پردیش میں کھاد کی قلت، کالا بازاری اور منافع خوری عام ہے اور حکومت کے دعوے صرف کاغذوں تک محدود ہیں۔

# بھدوہی ضلع کا نام سنت روی داس نگر رکھا جائے گا: کیشو

لکھنؤ: 29 جولائی۔ سارناتھ، وارانسی میں آشاڑھ پورنیا کے پرمسرت موقع پر منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے، اتر پردیش کے نائب وزیر اعلیٰ جناب کیشو پرساد موریہ نے کہا کہ بھگوان بدھ کے ہمدردی، عدم تشدد، امن اور انسانی بہبود کے پیغامات آج بھی پوری دنیا کے لیے انتہائی متعلقہ ہیں۔ عالمی عدم استحکام، تنازعات اور سماجی چیلنجوں کے اس دور میں، بھگوان بدھ کے لازوال خیالات انسانیت کو امن، ہم آہنگی اور بقائے باہمی کا راستہ دکھا رہے ہیں۔ نائب وزیر اعلیٰ جناب کیشو پرساد موریہ نے کہا کہ وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی بصیرت اور قابل قیادت میں ہندوستان، دنیا بھر میں نئی توانائی اور وقار کے ساتھ بھگوان بدھا کی ہمدردی، عدم تشدد اور امن کی لافانی میراث کو قائم کر رہا ہے۔ آج، ہندوستان اپنے قدیم ثقافتی اور روحانی ورثے کو موثر طریقے سے عالمی برادری کے سامنے پیش کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھگوان بدھ کی پہلی تبلیغ کے مقام سارناتھ کو یونیسکو کی عالمی ثقافتی ورثہ کی فہرست میں شامل کرنا ہندوستان کے شاندار ثقافتی ورثے کے لیے ایک تاریخی عالمی اعزاز ہے۔ یہ کامیابی نہ صرف ہندوستان کی قدیم تہذیب، ثقافت اور روحانی شعور کی عالمی اہمیت کو واضح کرتی ہے بلکہ سارناتھ کی تاریخی، مذہبی اور ثقافتی شناخت کو بھی نئی بلندیوں تک پہنچاتی ہے۔ ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ سارناتھ وہ مقدس سرزمین ہے جہاں بھگوان بدھ نے روشن خیالی حاصل کرنے کے بعد اپنا پہلا خطبہ دیا اور دھما چکر کی شروعات کی۔ یہیں سے ہمدردی، سچائی، عدم تشدد، دوستی اور انسانی فلاح کا پیغام مختلف ممالک تک پہنچا۔ سارناتھ بدھ مت کے پیروکاروں، عقیدت مندوں اور دنیا بھر کے سیاحوں کے لیے عقیدے، علم اور امن کا ایک بڑا مرکز بنا ہوا ہے۔ مسٹر موریہ نے کہا کہ بھگوان بدھ کی تعلیمات کسی ایک ملک، سماج یا برادری تک محدود نہیں ہیں، بلکہ پوری انسانیت کی فلاح و بہبود کی راہ ہموار کرتی ہیں۔ بھگوان بدھ نے انسانی زندگی میں ہمدردی، نیکی، تحمل، رواداری اور باہمی احترام کو سب سے زیادہ اہمیت دی۔ ان کے نظریات کو اپنا کر ہی دنیا میں پائیدار امن، سماجی ہم آہنگی اور انسانی اقدار کو مضبوط کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی قیادت میں ہندوستان کی ثقافتی اور روحانی ورثہ عالمی سطح پر نئی شناخت حاصل کر رہی ہے۔ ہندوستان اپنے قدیم علم، ثقافت اور اقدار کو عالمی برادری کے ساتھ بانٹ کر امن اور انسانی بہبود کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ بھگوان بدھ سے منسلک مقدس مقامات کے تحفظ، فروغ اور ترقی کے لیے بھی مسلسل کوششیں کی جا رہی ہیں۔ ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ اشدھا پورنیا کا مقدس تہوار بھگوان بدھ کے عظیم پیغامات کو یاد کرنے اور انہیں اپنی زندگیوں میں شامل کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

**یونیسکو کی عالمی ثقافتی ورثہ کی فہرست میں سارناتھ کا شامل ہونا ہندوستان کے ثقافتی ورثے کی ایک تاریخی عالمی پہچان ہے**

### نوجوانوں کے خوابوں سے کھیلنے والوں کے ساتھ کوئی رعایت نہیں: کیشو پرساد موریہ



لکھنؤ: 29 جولائی۔ اتر پردیش کے نائب وزیر اعلیٰ جناب کیشو پرساد موریہ نے کہا کہ عوامی امتحان (غیر منصفانہ طریقوں کی روک تھام) ترمیمی بل، 2026 آج لوک سبھا میں وزیر اعظم جناب نریندر مودی جی کی دور اندیش قیادت میں منظور ہونا نوجوانوں کے محفوظ مستقبل اور شفاف امتحانی نظام کی طرف ایک تاریخی سنگ میل ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ جناب کیشو پرساد موریہ نے کہا کہ اس بل کے ذریعے پیپر لیک اور دیگر غیر منصفانہ طریقوں میں ملوث افراد کے خلاف سخت ترین کارروائی کو یقینی بنانے کے لیے موثر دفعات بنائی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دو ماہ کے اندر اندر تحقیقات مکمل کرنے کی فراہمی، چارج شیٹ داخل کرنے کے بعد تین ماہ کے اندر ٹرائل مکمل کرنے کا ہدف اور خصوصی فاسٹ ٹریک عدالت کا قیام قصورواروں کو جلد اور سخت سزا کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ موثر دفعات امتحانی نظام کو مزید شفاف، منصفانہ اور قابل اعتماد بنائیں گی اور محنتی اور باصلاحیت نوجوانوں کے مفادات کا موثر تحفظ یقینی بنائیں گی۔ مسٹر موریہ نے کہا کہ حکومت واضح ہے کہ نوجوانوں کے خوابوں اور مستقبل کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرنے والوں کو مزید بخشا نہیں جائے گا۔ ہر ہونہار طالب علم کو منصفانہ مواقع فراہم کرنا اور ان کے روشن مستقبل کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی حکومت نوجوانوں کے مفادات کے تحفظ، امتحانی عمل میں شفافیت کو یقینی بنانے اور بھرتی کے نظام کی ساکھ کو یقینی بنانے کے لیے مسلسل ٹھوس اور فیصلہ کن اقدامات کر رہی ہے۔

# خریف سیزن میں کسانوں کے لیے بیج، کھاد اور آبپاشی کے وسیع انتظامات

## ریاست میں کھاد کی کوئی قلت نہیں، کم بارش کے باوجود کسانوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جا رہی ہے: وزیر زراعت سوریہ پرتاپ شاہی



لکھنؤ: 29 جولائی۔ ریاستی وزیر برائے زراعت، زرعی تعلیم اور زرعی تحقیق جناب سوریہ پرتاپ شاہی نے بدھ کو لوک بھون کے میڈیا سنٹر میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی قیادت میں ریاستی حکومت نے خریف کے موسم میں کسانوں کو بروقت بیج، کھاد اور آبپاشی کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے وسیع انتظامات کیے ہیں۔ عالمی حالات، کم بارش، اور بین الاقوامی سپلائی چیلنجوں کے باوجود، ریاست میں کھادوں کی کوئی کمی نہیں ہے، اور کسانوں کو مناسب مقدار میں کھاد فراہم کی جا رہی ہے۔ وزیر شاہی نے بتایا کہ 2026 میں خریف کی فصلوں کے لیے تقریباً 107 لاکھ ہیکٹر رقبہ کا ہدف مقرر کیا گیا تھا جس کے مقابلے میں اب تک تقریباً 95 فیصد کوریج حاصل کی جا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال بارش معمول سے تقریباً 25 فیصد کم ہونے کے باوجود محکمہ زراعت، محکمہ آبپاشی اور زرعی سائنس مراکز کی مربوط کوششوں سے کسانوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے بتایا کہ خریف سیزن میں ریاست کے کسانوں کو 50 فیصد سبسڈی پر 173641 کوئنٹل تصدیق شدہ بیج دستیاب کرائے گئے ہیں۔ مزید برآں، تقریباً 13.6 لاکھ کسانوں میں دالوں، تیل کے بیج، باجرہ اور ساوا جیسی فصلوں کے 16449 کوئنٹل مفت منی کٹس تقسیم کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ کسانوں کو سبسڈی پر 123379 کوئنٹل بیج دستیاب کرائے گئے ہیں۔ ریاست میں دالوں، مونگ پھلی، سویابین اور تیل کے بیجوں کی کاشت کو وسعت دینے پر خصوصی زور دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن علاقوں میں بارش معمول سے کافی کم ہوئی ہے وہاں کسانوں کو راحت فراہم کرنے کے لیے توریا سیڈ منی کٹ اسکیم شروع کی گئی ہے۔ اس اسکیم کے تحت 1000 کوئنٹل توریا کے بیج دستیاب کیے جائیں گے، جس میں 600 کوئنٹل مفت منی کٹس اور 400 کوئنٹل سبسڈی پر شامل ہیں۔ اس مقصد کے لیے ایک پورٹل کھول دیا گیا ہے۔ وزیر زراعت نے بتایا کہ زرعی میکانائزیشن کو فروغ دینے کے لیے زرعی آلات کی آن لائن بکنگ شروع کر دی گئی ہے۔ کسانوں کو فارم مشین بینکوں، کسٹم ہائرنگ سینٹرز اور زرعی آلات پر 40٪ سے 80٪ تک سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔ اس سال کسانوں کو 25900 زرعی آلات فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے اور اب تک 41000 سے زائد کسان آن لائن بکنگ کر چکے ہیں۔ کھاد کی دستیابی کے بارے میں تفصیلات بتاتے ہوئے جناب شاہی نے کہا کہ 1 اپریل سے 28 جولائی 2026 کے درمیان ریاست کو 70.57 لاکھ میٹرک ٹن کھاد موصول ہوئی، جس میں سے 88.28 لاکھ میٹرک ٹن کسانوں میں تقسیم کی جا چکی ہے، اور 82.28 لاکھ میٹرک ٹن ابھی بھی دستیاب ہے۔ دستیاب اسٹاک میں تقریباً 52.14 لاکھ میٹرک ٹن یوریا، 81.4 لاکھ میٹرک ٹن ڈی اے پی، 91.4 لاکھ میٹرک ٹن این پی کے، 47.3 لاکھ میٹرک ٹن ایس ایس پی، اور 11.1 لاکھ میٹرک ٹن ایم او پی شامل ہیں۔ انہوں نے واضح طور پر کہا کہ کسانوں کو گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ ریاست کے پاس کھاد کے کافی ذخائر ہیں۔ وزیر شاہی نے کہا کہ آبنائے ہرمز سے متعلق بین الاقوامی بحران اور سپلائی میں رکاوٹوں کے باوجود مرکزی حکومت نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں کھادوں کی بروقت دستیابی کو یقینی بنایا۔ بھارتی حکومت کی کوششوں سے ضروری کھاد وقت پر ریاست میں پہنچ گئی، اس لیے کسانوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران کھاد کی فروخت روزانہ ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی ہے۔ کئی دنوں میں، روزانہ 50000 سے 65000 میٹرک ٹن یوریا تقسیم کیا جاتا تھا، جو کسانوں کو ہموار فراہمی کا ثبوت ہے۔ تمام فروخت POS مشینوں کے ذریعے کی گئی تھی، جو ہر کسان کے لیے ڈیجیٹل ریکارڈ فراہم کرتی تھی۔ وزیر زراعت نے کہا کہ مودی اور یوگی حکومتوں نے کسانوں کے مفادات کو ترجیح دی ہے، کھادوں کی دستیابی کو یقینی بنانا، کوآپریٹو اداروں کو مضبوط کرنا، زرعی میکانائزیشن، معیاری بیجوں کی تقسیم، اور آبپاشی کے نظام کو مضبوط کرنا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ موجودہ حکومت میں کسانوں کو دستیاب کھادوں کی مقدار میں پچھلی حکومتوں کے مقابلے میں اضافہ ہوا ہے، ریاستی حکومت کسانوں کی ضرورت کو بروقت پورا کرنے کے لیے کام کر رہی ہے۔

## لکھنؤ میں کنٹریکٹ بجلی ملازمین کا احتجاج

# 18,000 روپے ماہانہ تنخواہ کا مطالبہ

لکھنؤ: 29 جولائی (پی این ایس) بدھ کو لکھنؤ میں بجلی محکمہ کے کنٹریکٹ ملازمین نے ایکو گارڈن میں احتجاج کیا۔ انہوں نے اپنے مطالبات کو لے کر وزیر توانائی اے کے شرما اور افسران کے خلاف نعرے بازی کی۔ کنٹریکٹ ملازمین کا کہنا ہے کہ ملازمین مختلف اضلاع سے چل کر لکھنؤ آئے ہیں لیکن وزیر توانائی موجود نہیں تھے۔ افسران نے انھیں گمراہ کیا ہے۔ بجلی کے آؤٹ سورس ملازمین نے منگل کو شکتی بھون میں احتجاج کیا۔ انہیں وہاں سے حراست میں لے کر ایکو گارڈن لایا گیا۔ اس کے بعد کنٹریکٹ ملازمین نے وہاں غیر معینہ مدت کی ہڑتال شروع کر دی۔ مظاہرین نے بتایا کہ فی الحال اتر پردیش کے 75 اضلاع میں سے 1-1 یا 2-2 ملازمین ہی مظاہرہ میں شامل ہوئے ہیں۔ اگر ان کے مطالبات کو جلد پورا نہیں کیا گیا تو اتر پردیش کے 75 اضلاع کے تمام ملازمین لکھنؤ میں احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے اور ضرورت پڑنے پر شٹ ڈاؤن بھی کیا جا سکتا ہے۔ اتر پردیش پاور کارپوریشن کنٹریکٹ ایمپلائز یونین کے نائب صدر سریندر پانڈے نے کہا کہ وہ اپنے مطالبات کیلئے طویل عرصے سے جدوجہد کر رہے ہیں، لیکن ان کے مطالبات کو نہیں سنا جا رہا ہے۔ ہم انتظامیہ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہر کنٹریکٹ ملازم کو ماہانہ 18,000 کی تنخواہ دی جائے۔ ہمارے محکمہ میں کام کرنے والے سابق فوجیوں کو ماہانہ 28,000 کی تنخواہ ملتی ہے۔ ہم 10,000 سے 12,000 مل رہا ہے۔ جبکہ ہمارا لائن مین رسک لے کر کام کرتا ہے اور وہ 440 وولٹ اور 11000 وولٹ کی چلتی لائنوں پر کام کرتا ہے۔ سریندر پانڈے نے کہا کہ حادثات کے لحاظ سے گزشتہ 30 دنوں میں ریاست بھر میں 56 حادثات ہوئے ہیں۔ اس میں 30 کنٹریکٹ ملازمین کی موت ہو گئی ہے، جب کہ 26 دیگر شدید زخمی ہیں۔ کچھ کے اعضاء کو کاٹا گیا ہے اور کچھ کو چوٹیں آئی ہیں۔ اس سب کے باوجود ہمیں ابھی تک مناسب تنخواہ نہیں مل رہی۔ انتظامیہ سننے کو تیار نہیں۔ جب ہم نے مینیجنگ ڈائریکٹر سے بات کی تو انہوں نے ہمیں بتایا کہ حفاظتی سامان کیلئے 28 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔

## عالم بدیع اعظمی کی یاد میں 2 اگست کو لکھنؤ میں تعزیتی اجلاس

لکھنؤ، 29 جولائی: اعظم گڑھ کی نظام آباد اسمبلی نشست سے سماجوادی پارٹی کے رکن اسمبلی عالم بدیع اعظمی مرحوم کی یاد میں آئندہ 2 اگست کو لکھنؤ کے سہکاریتا بھون آڈیٹوریم میں ایک تعزیتی اجلاس کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ ڈاکٹر فریدی بیداری فورم کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے اس پروگرام میں سیاسی، سماجی، ادبی اور عوامی زندگی کی ممتاز شخصیات مرحوم کو خراجِ عقیدت پیش کریں گی۔ واضح رہے کہ عالم بدیع اعظمی کی ولادت 16 مارچ 1936 کو ہوئی تھی جبکہ 22 جولائی 2026 کو ان کا انتقال ہو گیا۔ ان کی رحلت سے سیاسی و سماجی حلقوں میں غم کی لہر دوڑ گئی تھی۔ ڈاکٹر فریدی بیداری فورم کے صدر زید احمد فاروقی کے مطابق، تعزیتی اجلاس کا انعقاد ودھان سبھا مارگ پر واقع سہکاریتا بھون کے آڈیٹوریم میں شام 5 بجے ہوگا۔ اس تقریب میں مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، سماجی تنظیموں کے نمائندوں، دانشوروں اور معزز شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت متوقع ہے۔